رجسٹرڈ ڈی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
A.B.C Certified
روزنامہ عوام کوئٹہ
DAILY AWAM QUETTA
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | بدھ | 10 ربیع الثانی | 1448ھ | 23 ستمبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 71

معلوم نہیں فیصلہ سازی کا اختیار کس کے پاس ہے، پی ٹی آئی جیسی جماعت کبھی پُرامن نہیں رہ سکتی، عطاء اللہ تارڑ

بیرسٹر گوہر کے پاس نہ فیصلہ کرنے کا اختیار نہ اس پر عمل درآمد کا

خیبر پختون خوا میں ساڑھے بارہ سال سے ایک حکومت موجود، یہاں ترقی کا فقدان ہے، توجہ دینے کی ضرورت ہے، خیبر پختونخوا میں سرکاری وسائل عوام کے لئے ہیں، ترقی ان کا مینڈیٹ نہیں، وزیر اطلاعات

ٹمبر، ٹوبیکو، مائنز اینڈ منرلز اور گولڈ مائننگ کے ٹھیکے کن لوگوں کو دیئے گئے؟، کیا صوبائی حکومت ٹیکس کا پیسہ اکٹھا نہیں کرسکتی؟، خیبر پختونخوا میں سرکاری وسائل احتجاجوں کے لئے نہیں، وفاقی وزیر اطلاعات کی پریس کانفرنس

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختون خوا میں ساڑھے بارہ سال سے ایک حکومت موجود، یہاں ترقی کا فقدان ہے، توجہ دینے کی ضرورت ہے، ٹمبر، ٹوبیکو، مائنز اینڈ منرلز اور گولڈ مائننگ کے ٹھیکے کن لوگوں کو دیئے گئے؟، کیا (بقیہ نمبر39صفحہ3پر)

پاک روس اور پاک عمان دو ہفتوں کی فوجی مشقیں شروع

راولپنڈی (آن لائن) پاک روس اور پاک عمان (بقیہ نمبر43صفحہ3پر)

امریکی دباؤ کی وجہ سے مسلم ممالک ایک دوسرے کے زیادہ قریب ہوئے، ایرانی صدر

ایران اور پاکستان علاقائی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھا کر اپنی ضروریات کا کچھ حصہ پورا کرسکتے ، ایرانی صدر

پاکستان تجارت، معیشت، سیاست، ثقافت اور سائنس میں مشترکہ تعاون کو مزید وسعت دینے کیلئے پرعزم ہے، گفتگو

تہران (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایران کے سرکاری دورے دوران ایرانی صدر سے ملاقات کی جس میں خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ امریکی دباؤ کی وجہ سے مسلم ممالک ایک دوسرے کے زیادہ قریب ہوئے ہیں، ایران اور پاکستان علاقائی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھا کر اپنی ضروریات کا کچھ حصہ پورا کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا (بقیہ نمبر44صفحہ3پر)

پاکستان اور سعودیہ میں سرکاری وسفارتی پاسپورٹ پر ویزا شرائط ختم

اسحاق ڈار کی سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے نیویارک میں ملاقات، معاہدے پر دستخط

نیویارک (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سفارتی وسرکاری پاسپورٹ رکھنے والوں کیلئے ویزا شرائط ختم کرنے کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔نائب وزیراعظم (بقیہ نمبر42صفحہ3پر)

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مالدیپ کے سپیکر ملاقات کر رہے ہیں

میں بڑا فیصلہ کرنے جا رہا ہوں کہ ایران کو تباہ کردوں یا نہیں دوبارہ پنپنے دوں، ٹرمپ

ایران مشرق وسطی میں بدمعاشی کرتا تھا ،اب نہیں کرسکتا، یقین ہے مڈٹرم الیکشن کے بعد ایران سے ڈیل ہوجائے گی

آج ماضی کے مقابلے میں بہت زیادہ طاقتور ہے، مستقبل پہلے سے بہت زیادہ روشن ہے، دنیا کی طاقتور ترین فوج ہے، جنرل اسمبلی سے خطاب

نیویارک (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ بڑا فیصلہ کرنے جا رہے ہیں، انہیں فیصلہ کرنا ہے کہ وہ ایران کو تباہ کردیں یا انہیں دوبارہ پنپنے دیں، ایران مشرق وسطی میں بدمعاشی کرتا تھا ،اب نہیں کرسکتا، یقین ہے مڈٹرم الیکشن کے بعد ایران سے ڈیل (بقیہ نمبر41صفحہ3پر)

اسحاق ڈار کی نیویارک میں اہم ملاقاتیں، اسلام آباد یادداشت پر عمل درآمد پر زور

مصر، ترکی، انڈونیشیا، اردن، پاکستان، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے وزرائے خارجہ کے درمیان تعاون اجلاس

نیویارک (این این آئی) پاکستان کے نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر مختلف ممالک کے وزرائے (بقیہ نمبر40صفحہ3پر)

بیرسٹر گوہر کی محمود اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس سے ملاقات، 27 ستمبر کے لانگ مارچ پر مشاورت

پی ٹی آئی کی حکومت کو مذاکرات کی پیشکش، وزیراعظم سے سیاسی رہنماؤں پر مشتمل کمیٹی بنانے کا مطالبہ

اگر دونوں جانب سے سیاسی کمیٹیاں بیٹھیں تو مسائل کا حل نکل سکتا ہے، حکومت جب بھی مذاکرات کے لیے تیار ہو، ہماری جانب سے دروازے کھلے ہیں، ایسے اقدامات سے گریز کیا جائے جو صورتحال کو مزید کشیدہ کریں، چیئرمین پی ٹی آئی

سیاسی رہنماؤں وکارکنان کو ہراساں کرنے اور گرفتاریوں پر شدید مذمت کا اظہار، موجودہ سیاسی صورتحال، اپوزیشن جماعتوں کے باہمی تعاون اور آئندہ کے سیاسی لائحہ عمل پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، تمام گرفتار افراد کی فوری رہائی کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے حکومت کے ساتھ مذاکرات کے لیے آمادگی ظاہر کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف سے سیاسی رہنماؤں پر مشتمل کمیٹی بنانے کا مطالبہ کر دیا۔ سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر راجا ناصر عباس نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اگر دونوں جانب سے سیاسی کمیٹیاں بیٹھیں تو مسائل کا حل نکل سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت جب بھی مذاکرات کے لیے تیار ہو، ہماری جانب سے دروازے کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو بحران سے نکالنے کے لیے سنجیدہ اور بامعنی مذاکرات ناگزیر ہیں، وزیراعظم ایک ایسی ٹیم تشکیل دیں جس میں بااختیار اور فیصلہ سازی کرنے والے افراد شامل ہوں تاکہ مسائل کا قابل عمل حل نکالا جا سکے۔ ادھر چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بھی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ رات سے وفاقی سطح پر متعلقہ شخصیات سے رابطے جاری ہیں اور حالیہ واقعات کے حوالے سے اپنا مقف پہنچایا جا چکا ہے۔ بیرسٹر گوہر نے مطالبہ کیا کہ ایسے اقدامات سے گریز کیا جائے جو صورتحال کو مزید کشیدہ کریں، کیونکہ گرفتاریاں حالات کو مزید خراب کرسکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت ہے کہ حالات کو بگڑنے سے روکا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اسلام آباد پر چڑھائی کا ارادہ نہیں رکھتی بلکہ پارلیمنٹ، (بقیہ نمبر46صفحہ3پر)

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے فرانس کے سیکریٹری جنرل برائے دفاع وقومی سلامتی نکولس روش مصافحہ کررہے ہیں

جنید اکبر کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ میں توہین عدالت کی درخواست دائر کردی گئی

جنید اکبر نے اپنے بیان کے ذریعے عوام کو اسلام آباد آنے پر اکسایا اور اشتعال دلایا، درخواست گزار تاجر

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما جنید اکبر کے مبینہ متنازع بیان کا معاملہ اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچ گیا، اسلام آباد کے تاجر وقاص احمد نے وکیل اختر چھینہ کے ذریعے جنید اکبر کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کر دی۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ جنید اکبر نے اپنے بیان کے ذریعے عوام کو اسلام آباد آنے پر اکسایا اور اشتعال دلایا، جو اسلام (بقیہ نمبر45صفحہ3پر)

پی ٹی آئی کے لانگ مارچ، راولپنڈی میں ہوٹلز، گیسٹ ہاؤسز بندش پر حکام کو نوٹس

راولپنڈی (این این آئی) جماعت اسلامی اور تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے تناظر میں راولپنڈی بھر کے ہوٹلز، موٹلز اور گیسٹ ہاؤسز کی غیر معینہ مدت تک بندش کے خلاف (بقیہ نمبر47صفحہ3پر)

چینی وزیر خارجہ کا صوبہ خیبر پختونخوا میں دہشتگرد حملے پر اسحاق ڈار سے اظہار ہمدردی

اسلام آباد (این این آئی) چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کو صوبہ خیبر پختونخوا میں ایک پولیس کیمپ پر دہشت گرد حملے (بقیہ نمبر48صفحہ3پر)

فیلڈ مارشل کا کور ہیڈکوارٹرز پشاور کا دورہ، سیکیورٹی صورتحال پر بریفنگ

ملک بھر میں پائیدار امن واستحکام کو یقینی بنانے کیلئے اپنے عزم پر ثابت قدم ہیں، سید عاصم منیر

قوم کی حمایت سے دہشتگردی کو شکست دینے کیلئے افواج پرعزم ہیں، فیلڈ مارشل کی فوجی دستوں کو ہمہ وقت چوکس رہنے کی ہدایت

سرحدی انتظامی اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں سے آگاہ کیا گیا، شہداء کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا

راولپنڈی/پشاور (این این آئی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے فوجی دستوں کو ہمہ وقت چوکس رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلح افواج ملک بھر میں دیرپا امن اور استحکام کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈکوارٹرز پشاور کا دورہ کیا، انہیں خیبر پختونخوا کی سیکورٹی صورتحال پر جامع بریفنگ دی گئی، خیبر پختونخوا میں جاری انسداد دہشتگردی آپریشنز اور سرحدی انتظام بارے تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔اس موقع پر فیلڈ مارشل کو سرحدی انتظامی (بقیہ نمبر66صفحہ3پر)

فلسطینی عوام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی غیر متزلزل ہے، نائب وزیراعظم

برادر اور شراکت دار ممالک کے ساتھ مل کر مسئلہ فلسطین کے منصفانہ اور دیرپا حل کے فروغ کے لیے کام جاری رکھیں گے، اسحاق ڈار

رکن ممالک کی جانب سے نئی اور مربوط سفارتی کارروائی کا تقاضا کرتی ہے، کمیٹی آف سکس کو ان ترجیحات کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھنی چاہئیں

نیویارک (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے فلسطینی عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے غزہ اور مغربی کنارے کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ برادر اور شراکت دار ممالک کے ساتھ مل کر فلسطینی کاز کو آگے بڑھانے اور بین الاقوامی قانونی اصولوں کے مطابق مسئلہ فلسطین کے منصفانہ اور دیرپا حل کے فروغ کے لیے کام جاری رکھیں گے (بقیہ نمبر49صفحہ3پر)

دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی، میر سرفراز بگٹی

ساران تنگی میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد گرفتار کیے گئے

دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ساران تنگی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ آپریشن شعبان 2 کے تحت ساران تنگی میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے (بقیہ نمبر50صفحہ3پر)

نوشکی میں انسداد پولیو مہم ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر حملہ

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رپورٹ طلب کر لی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں انسداد پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ داخلہ (بقیہ نمبر65صفحہ3پر)

پاکستان میں ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کرچکی ہے، بلال بن ثاقب

نیویارک (این این آئی) چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ پاکستان میں ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کرچکی ہے۔ اقوام متحدہ کے سوشل بزنس، یوتھ اینڈ ٹیکنالوجی فورم سے خطاب کرتے ہوئے بلال بن ثاقب نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور ٹوکنائزیشن ترقی پذیر دنیا میں مالی شمولیت کے طاقتور ذرائع بن (بقیہ نمبر67صفحہ3پر)

اسلام آباد، سیاسی جماعتوں کے احتجاج کے پیش نظر سڑک کو کنٹینر لگا کر بند کیا گیا ہے

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزے سے متعلق مذاکرات رواں ہفتے شروع ہونے کا امکان

آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کامیاب ہونے پر پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے سے متعلق مذاکرات رواں ہفتے شروع ہونے کا امکان ہے۔ ایکسٹنڈڈ فنڈ فسیلٹی پروگرام (ای ایف ایف) کے تحت قرض کی پانچویں قسط کے (بقیہ نمبر64صفحہ3پر)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن ملتان میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

عدالتی فیصلے کی توہین پر کارروائی ہوگی، حکومت سے مذاکرات کا راستہ کھلا ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت میں ہونے کی طاقت کی بنیاد پر کسی پر حملہ کرنا قابل قبول نہیں، وزیر اعلیٰ کے حلف میں بھی واضح ہے کہ وہ ایسا نہیں کر سکتے، مذاکرات کے لیے وزیراعظم کی قائم کردہ کمیٹی آج بھی موجود ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ تمام صوبوں اور (بقیہ نمبر51صفحہ3پر)

جماعت اسلامی کا وزیراعظم کی وطن واپسی تک لانگ مارچ موخر کرنے کا اعلان

وزیراعظم شہباز شریف نے ہم سے مارچ موخر کرنے کی درخواست ، وطن واپس آ کر ہم سے ملاقات کریں گے، حافظ نعیم الرحمان

جماعت اسلامی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور لیوی کے خلاف احتجاج اور لانگ مارچ سے پیچھے نہیں ہٹے گی، میڈیا سے گفتگو

ملتان (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے وزیراعظم شہباز شریف کی وطن واپسی تک اسلام آباد لانگ مارچ موخر کرنے کا اعلان کردیا۔ پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور لیوی کے خلاف احتجاج اور لانگ مارچ سے پیچھے نہیں ہٹے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام مہنگائی کی آگ میں جل رہے ہیں، (بقیہ نمبر68صفحہ3پر)

ساران تنگی میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، 6 دہشتگرد ہلاک

دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں بدستور جاری ہیں، شاہد رند

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، ساران تنگی میں خفیہ اطلاعات پر کیے گئے آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔معاون وزیر اعلیٰ برائے اطلاعات و (بقیہ نمبر63صفحہ3پر)

کراچی، گورنر سندھ نہال ہاشمی سے کمانڈر کراچی وائس ایڈمرل محمد فیصل عباسی ملاقات کررہے ہیں

وزیراعظم کا دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک آپریشن شعبان 2 جاری رکھنے کا اعلان

ساران تنگی میں 6 دہشت گرد ہلاک، وزیراعظم کا سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین، دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا

ملکی امن وسلامتی کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش ناکام بنانے کے عزم کا اظہار، قوم خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے علاقے ساران تنگی میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کیے جانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بہادری، پیشہ ورانہ مہارت اور موثر حکمت عملی کے ذریعے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر52صفحہ3پر)

اسلام آباد سمیت مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.9 ریکارڈ

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت (بقیہ نمبر69صفحہ3پر)

دفعہ 144 کی خلاف ورزی، پی ٹی آئی کے 41 کارکنان کی گرفتاری کا فیصلہ

قافلے میں شامل 32 گاڑیوں کی فہرست بھی تیار، ٹریس کرکے بند کیا جائے گا، پولیس ذرائع

لاہور (این این آئی) لاہور میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی آمد پر دفعہ 144 کی خلاف ورزی میں ملوث ریلی وقافلے میں شریک 32 گاڑیوں اور 41 کارکنوں کی فہرست مرتب کرلی گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق کارکنوں کی 14 سے (بقیہ نمبر70صفحہ3پر)

ایف بی آر نے ضبط اشیا کی نیلامی کا طریقہ کار متعارف کروا دیا

اشیا بولی کی تاریخ سے قبل متعلقہ کلکٹر کی منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق بولی دہندگان کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کسٹمز حکام کی جانب سے ضبط کی جانے والی اشیا کی نیلامی کا طریقہ کار متعارف کروادیا ہے نیلامی میں شامل اشیا بولی کی تاریخ سے قبل متعلقہ کلکٹر کی منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق بولی دہندگان کے (بقیہ نمبر62صفحہ3پر)

دفتر صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان، کوئٹہ میں صوبائی ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس

ووٹرز آگاہی اور انتخابی شمولیت کے فروغ کے لیے مزید موثر اقدامات کیے جائیں گے، فیصلہ

کوئٹہ (آن لائن) دفتر صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان، کوئٹہ میں آج صوبائی ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر (ایڈمنسٹریشن) سید ندیم حیدر، جوائنٹ (بقیہ نمبر53صفحہ3پر)

صوابی میں ایف بی آر کے ویئر ہاؤس سے 25 کروڑ روپے کے سگریٹ غائب

صوابی (این این آئی) صوابی میں ایف بی آر کے ویئر ہاؤس سے 25 کروڑ روپے کے سگریٹ غائب ہوگئے۔ خیبر پختونخوا کے ضلع صوابی میں ایف بی آر کے ویئر ہاؤس (بقیہ نمبر54صفحہ3پر)

پی ٹی آئی اراکین کی تربیلا، ورسک ڈیم اور کرک کی گیس بند کرنے کی دھمکی

سیاسی حلقوں میں بحث تیز

صوبائی حکومت تعاون کرے تو سیاسی دباؤ بڑھایا جاسکتا ہے، فضل الٰہی، رکن قومی اسمبلی اقبال آفریدی کی بھی تائید

قومی سطح کی توانائی تنصیبات کو سیاسی احتجاج سے جوڑنے سے وفاق اور صوبے کے درمیان کشیدگی بڑھ سکتی ہے، ماہرین

اسلام آباد (آن لائن) تحریک انصاف کے رہنماؤں کی جانب سے 27 ستمبر کے احتجاج کے تناظر میں تربیلا اور ورسک ڈیم سے بجلی کی فراہمی اور کرک سے گیس کی ترسیل روکنے سے متعلق بیانات سامنے آنے کے بعد سیاسی حلقوں میں بحث تیز ہوگئی ہے۔ پی ٹی آئی (بقیہ نمبر71صفحہ3پر)

این سی سی آئی اے کی غیر قانونی کال سینٹر پر کارروائی، 17 غیر ملکیوں سمیت 100 افراد گرفتار

کال سینٹر سے غیر اخلاقی ایپلیکیشن اور بھارت، برازیل سے فنانشل اسکیم کے بھی شواہد ملے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے غیر قانونی کال سینٹر پر کارروائی کرتے ہوئے 100 افراد کو حراست میں لے لیا۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق غیر قانونی کال سینٹر سے حراست میں (بقیہ نمبر61صفحہ3پر)

موسمیاتی وماحولیاتی ڈیٹا کے لیے قومی اداروں کو مربوط نظام میں لایا جائے، مصدق ملک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی رابطہ کاری ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ گلیشیئرز کی نگرانی، موسمیاتی ڈیٹا، ارلی وارننگ سسٹم، (بقیہ نمبر73صفحہ3پر)

راولپنڈی ریڈ زون میں سیکیورٹی ہائی الرٹ، پولیس فورس تعینات

اہم سرکاری عمارتوں اور تنصیبات کی سیکیورٹی کے لیے بھی فول پروف اقدامات کیے گئے

راولپنڈی (این این آئی) ملکی حالات کے تناظر میں سیکورٹی یقینی بنانے کے پیش نظر ریڈزون میں سیکیورٹی سخت کردی گئی۔ راولپنڈی ریڈزون میں اہم سرکاری عمارتوں اور تنصیبات کی سیکیورٹی کے لیے بھی فول پروف اقدامات کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق مال (بقیہ نمبر72صفحہ3پر)

مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن حملہ

تحقیقاتی کمیشن نے جامع رپورٹ جمع کرانے کیلئے ایک ہفتے کی مہلت دے دی

دہشت گردانہ حملوں اور امن وامان سے متعلق ناخوشگوار واقعات کے بارے میں سنسنی خیز خبریں بلا روک ٹوک صوبے اور ملک بھر میں پھیلائی جا رہی ہیں

جس سے متعلقہ ذمہ دار اداروں کی کارکردگی اور امور کا طریقہ کار پر سوالیہ نشان لگ چکا ہے، شہدا کے لواحقین سے ملاقات کا انتظام کریں، ہدایت

کوئٹہ (خ ن) مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن، ضلع زیارت میں پیش آنے والے دہشت گردی کے حملے کی تحقیقات کے لیے قائم کردہ تحقیقاتی کمیشن جناب جسٹس محمد عامر نواز رانا نے آج مورخہ 22 ستمبر 2026 کو کھلی عدالت میں تحقیقاتی کمیشن کی کارروائی کو آگے بڑھاتے ہوئے سماعت کی۔ سماعت کے دوران گواہوں کے بیانات قلمبند ہوئے۔ مزید برآں، تحقیقاتی کمیشن نے اس امر پر انتہائی تشویش کا اظہار (بقیہ نمبر55صفحہ3پر)

کوہاٹ دھماکا، استعمال ہوئی گاڑی کی شناخت ہوگئی، غیر پھٹا بارودی مواد برآمد

پہلی منزل سے خودکش جیکٹ برآمد، 4 آئی ای ڈیز نصب تھیں، دھماکے میں استعمال گاڑی کی ابتدائی شناخت ہوگئی

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے سے متعلق بم ڈسپوزل یونٹ کی تفصیلی رپورٹ سینٹرل پولیس آفس کو ارسال کردی گئی۔ پہلی منزل سے خودکش جیکٹ برآمد ہوئی، خودکش جیکٹ میں 4 آئی ای ڈیز نصب تھیں دھماکے میں استعمال ہونے والی گاڑی کی ابتدائی (بقیہ نمبر60صفحہ3پر)

اقوام متحدہ کی ایران جنگ ختم کرانے کیلئے پاکستان سے رابطے کی تصدیق

اقوام متحدہ اس سے قبل بھی امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور مذاکراتی عمل کی حمایت کرچکا ہے، رپورٹ

امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوبارہ آغاز جنگ کے خاتمے کی جانب پیش رفت میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے، ترجمان

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے امریکا اور ایران کے درمیان جاری جنگ ختم کرانے کی کوششوں میں پاکستان کے ساتھ رابطے کی تصدیق کردی ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے بتایا کہ انہوں نے اس (بقیہ نمبر74صفحہ3پر)

وزیر خزانہ کا کوپ 31 ایکشن ایجنڈے کی حمایت، موسمیاتی منصوبوں پر موثر عملدرآمد کی ضرورت پر زور

ڈی سی کے وعدوں کو قابل سرمایہ کاری اور قابل مالی معاونت منصوبوں میں تبدیل کرنے کے لیے مجوزہ کلائمیٹ امپلیمنٹیشن برج کا خیر مقدم کیا

ایکشن ایجنڈے میں واضح عملی اقدامات اور کارکردگی کے کلیدی اشاریوں کو سراہتے ہوئے اسے عملی، نتائج پر مبنی اور قابل پیمائش اثرات پر مرکوز قرار دیا

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کوپ 31 ایکشن ایجنڈے کیلئے پاکستان کی جانب سے مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ بنیادی چیلنج موسمیاتی منصوبوں کی تشکیل نہیں بلکہ ان پر موثر عملدرآمد ہے۔ وزیر خزانہ نے (بقیہ نمبر56صفحہ3پر)

راولپنڈی، فوارہ چوک پر شدید ٹریفک جام کا منظر

پشاور، صوبائی وزیر فضل شکور اغوا، نامعلوم مسلح افراد کیخلاف مقدمہ درج

پشاور (این این آئی) پشاور میں وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ فضل شکور کے مبینہ اغوا کا مقدمہ تھانہ چمکنی میں درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقدمہ صوبائی وزیر فضل شکور کے بھائی کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر میں نامعلوم مسلح افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر میں بتایا گیا کہ صوبائی وزیر اسمبلی اجلاس میں شرکت (بقیہ نمبر57صفحہ3پر)

قومی اسمبلی میں اضافی کفایت شعاری اقدامات نافذ، 50 فیصد ملازمین گھر سے کام کرینگے

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں ہرقسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں فوری طور پر اضافی کفایت شعاری اقدامات نافذ کردیا گیا۔اعلامیے کے مطابق قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے 50 فیصد ملازمین دفاتر اور 50 فیصد گھر سے کام کریں گے، ملازمین کیلئے گھر سے کام کے دوران ٹیلی (بقیہ نمبر59صفحہ3پر)

پاکستان اور مصر کا علاقائی چیلنجز کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور

تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق، تعلیم، ثقافتی روابط اور عوامی سطح پر رابطوں کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال

نیویارک (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق گزشتہ روز اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ کی ملاقات (بقیہ نمبر58صفحہ3پر)

جنگ ستمبر 1965ء کا 22واں روز، بھارت کی ہزیمت کا سورج لے کر طلوع ہوا

اسلام آباد (این این آئی) جنگ ستمبر 1965ء کا 22 واں دن بھارت کی ہزیمت کا سورج لے کر طلوع ہوا تھا۔ ستمبر 1965 کی جنگ کا 22 واں روز اور معرکہ ڈوگرائی تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔ ستمبر 1965 کی جنگ پاکستان کی عسکری تاریخ میں نہایت اہمیت کی حامل ہے۔ 22 ستمبر 1965 کا دن بھارت کی ہزیمت کا سورج لے کر طلوع ہوا تھا۔ پاکستان اور لاہور کے دفاع کے (بقیہ نمبر75صفحہ3پر)

پاک روس اور پاک عمان دو ہفتوں کی فوجی مشقوں میں شریک فوجی افسران اور اہلکاروں کا گروپ فوٹو

روزنامہ
عوام
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے ہیڈ آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس 32266 فیکس 32755
بدھ 23 ستمبر 2026ء

وفاقی وزیر اطلاعات کا کوہاٹ سی ایم ایچ کا دورہ

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے سی ایم ایچ کوہاٹ کے دورے کے موقع پر کوہاٹ واقعہ میں زخمی ہونے والے افراد سے فرداً فرداً ملاقات کی اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا۔ زخمیوں نے وفاقی وزیر اطلاعات کو دہشت گردی کے واقعہ سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا۔ زخمیوں نے عیادت کے لئے آنے پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ سے اظہار تشکر کیا۔ وفاقی وزیر نے دہشت گردی کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب، ایمان اور عقیدہ نہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ دہشت گرد بزدل لوگ ہیں، آپ نے جس بہادری سے مقابلہ کیا وہ لائق تحسین ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر نے کوہاٹ واقعہ کے زخمیوں کو حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

فیڈرل کورٹ کی ہرعدالت پر برتری

تحریر۔نصرت جاوید

وفاقی آئینی عدالت نے منگل کے روز سزا یافتہ قیدیوں کے علاج کے حوالے سے سپریم کورٹ کے بجائے بذاتِ خود غور کا جو فیصلہ سنایا اس نے سوشل میڈیا پر چھائے کئی ''ذہن سازوں'' کو حیران وپریشان کردیا۔ لوگوں میں یہ تاثر پھیلانے کی کوشش کی کہ مذکورہ فیصلے نے سپریم کورٹ کو وفاقی آئینی عدالت کی ''ماتحت عدالت'' میں بدل دیا ہے۔ ''یک دم'' ہوئے فیصلے پر یوں ماتم کنائی کی گنجائش نکال لی گئی۔ سزا یافتہ قیدیوں کے علاج کا معاملہ اگر بانی تحریک انصاف کو نجی ہسپتال منتقل کرنے کے حوالے سے زیر بحث نہ ہوتا تو ''خبروں'' کے قارئین وناظرین کی اکثریت شاید آج بھی سپریم کورٹ آف پاکستان کو ملک کی سب سے بڑی عدالت تصور کررہی ہوتی۔ تلخ حقیقت مگر یہ ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کی کئی حوالوں سے پاکستان کی دیگر عدالتوں پر برتری آئین کی 27ویں ترمیم منظور کرتے ہوئے طے کردی گئی تھی۔ مجھ سمیت تقریباً ہر صحافی خلق خدا کو لیکن مذکورہ حقیقت سے خاطر خواہ انداز میں آگاہ کرنے میں ناکام رہا۔ اپنی کوتاہیوں کا اعتراف کرنے کی جرات سے ہم محروم ہوچکے ہیں۔

سپریم کورٹ کے تین عزت مآب ججوں پر مشتمل بنچ نے 18اگست2026ء کے دن تحریری حکم کے ذریعے یہ حکم صادر کیا تھا کہ عمران خان صاحب کو ان کے خاندان کی خواہش کے مطابق اسلام آباد کے ایک نجی ہسپتال منتقل کردیا جائے۔ جس منتقلی کا حکم ہوا اس کا مجھ جیسے قانون کی باریکیوں سے نابلد افراد کی نگاہ میں اطلاق کم ازکم 16 ستمبر2026ء تک لازمی تھا۔ یہ وہ دن تھا جب سپریم کورٹ نے سابق وزیر اعظم کے طبی معاملات کے حوالے سے اپنے روبرو پیش ہوئی درخواست کی سماعت جاری رکھنا تھی۔

قانون کی نزاکتوں سے نابلد ہوتے ہوئے مذکورہ فیصلے سے میں ذاتی طور پر خوش بھی ہوا۔ بانی تحریک انصاف کی سیاست کا دیرینہ ناقد ہونے کے باوجود دیانتداری سے محسوس کیا کہ سابق وزیر اعظم کی ہسپتال منتقلی پاکستان میں سیاسی کشیدگی وتناؤ میں کمی لانے کی راہ بناسکتی ہے۔ صحافت کو بطور پیشہ مگر انٹرنیٹ کی ایجاد سے قبل اپنایا تھا۔ اس دور میں صحافی اپنی رائے بنانے میں کافی وقت لگایا کرتے تھے۔ عدالتی فیصلوں پر تبصرہ آرائی سے قبل تحریری فیصلے کو بغور پڑھنا لازمی تھا۔ نہایت توجہ کی بدولت اخذ کئے نتائج کی تصدیق یا تردید کے لئے چند وکلاء سے رابطہ کرکے ذہن صاف کرنے کی کوشش بھی ہوتی۔ تحریری فیصلہ بغور پڑھنے اور وکلاء کی رائے جاننے کے بعد لکھی خبر مگر جب ہمارے سینئرز کے روبرو رکھی جاتی تو وہ اپنی میز پر طلب کرکے مجھ جیسے اتائیوں کے اخذ کردہ نتائج کے نیچے سرخ لکیریں لگا کر شرمسار کردیتے۔ دورِ حاضر کی صحافت ایڈیٹر کی نگہبانی سے کامل آزاد ہے۔ اب عقل کل بنے ہم اپنی رائے کو ''بریکنگ نیوز'' کی صورت سوشل میڈیا کے پلیٹ فارموں کے ذریعے پیش کرکے دادوتحسین سمیٹ لیتے ہیں۔

ماقبل انٹرنیٹ صحافت کے عادی ہونے کی وجہ سے میں نے 18اگست کی سہ پہر جاری ہوئے فیصلے کو تین سے زیادہ مرتبہ غور سے پڑھا تھا۔ تیسری بار یہ خیال کوندا کہ اگر مذکورہ فیصلے پر ہوبہو عمل ہوگیا تو جیل میں مقید سنگین الزامات کے تحت سزا یافتہ ہوئے دیگر قیدی بھی اپنے لئے بھی ایسی سہولتوں کا تقاضا کرسکتے ہیں جو بانی تحریک انصاف کو فراہم کرنے کا حکم ہوا ہے۔ جو خیال ذہن میں آیا اس کا ٹی وی شو میں اظہار کردیا۔ عجب اتفاق یہ بھی ہوا کہ چند ہی دن بعد اڈیالہ جیل کے تین قیدیوں نے عدالت سے رجوع کرتے ہوئے اپنے لئے تقریباً ویسی ہی سہولتوں کا تقاضا کیا جو عمران خان صاحب کو فراہم کرنے کا حکم ہوا تھا۔

مذکورہ درخواستوں کے پیش ہونے کی وجہ سرکار کی تھپکی ہوسکتی ہے۔ ممکنہ تھپکی کی تصدیق یا تردید مگر میرے لئے ممکن نہیں۔ حکومت نے ویسے بھی عمران خان کو شفا ہسپتال منتقل کرنے کے بجائے چند گھنٹوں کے لئے سرکاری طور پر چلائے پمز بھجوایا تھا۔ طبی معائنے کے بعد انہیں جیل بھیج دیا گیا۔ حکومت کے اس رویے کو عمران خان کی ایک ہمشیرہ نے توہین عدالت تصور کرتے ہوئے سپریم کورٹ سے رجوع کرلیا۔

فی الوقت اہم بات یہ ہے کہ اپنے لئے عمران خان جیسی رعایتیں طلب کرنے والے قیدیوں کی درخواست ہائی کورٹ نے مسترد کردی تھی۔ اس کے خلاف انہوں نے وفاقی آئینی عدالت (سپریم کورٹ نہیں) کے روبرو اپیل دائر کی۔ وفاقی آئینی عدالت نے اسے قابل سماعت گردانتے ہوئے اٹارنی جنرل کو طلب کیا اور منگل کی سہ پہر ایک عبوری حکم جاری کردیا جس نے عاشقان عمران کے دل دکھادئے۔ ان کا دکھ میرے لئے قابل احترام ہے۔ اقتدار کا کھیل مگر نہایت سفاکانہ ہوتا ہے۔ انصاف کی دیوی کی آنکھوں پر پٹی بندھی ہوتی ہے اور مقبول سیاستدانوں کے مداحین سے دادوتحسین کے حصول کیلئے ماتم کنائی کی مجھے عادت نہیں۔ بطور صحافی خود تنقیدی سے جند چھڑانے کے مگر قابل نہیں ہوں۔ جس دن اڈیالہ جیل میں قید تین قیدیوں نے عمران خان کے لئے حکم ہوئی سہولتوں والی اپیل ہائی کورٹ سے مسترد ہونے کے خلاف وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کیا تو مجھے آئین کی 27ویں ترمیم یاد آگئی تھی۔ 2024ء کے انتخابی نتائج آجانے کے بعد قائم ہوئے بندوبستِ حکومت نے نہایت تیاری سے مذکورہ ترمیم تیار کرنے کے بعد اسے ریاستی دبدبے اور دھونس کا ہر حربہ استعمال کرتے ہوئے پارلیمان کے دونوں ایوانوں سے دو تہائی اکثریت کے ساتھ منظور کروایا تھا۔ 27ویں ترمیم کے لئے منظور ہوجانے کے بعد آئین کا آرٹیکل 189 ملک کی ہر عدالت (بشمول سپریم کورٹ) کے لئے وفاقی آئینی عدالت کے دئے ہر فیصلے پر عملدرآمد لازمی قرار دیتا ہے۔ مختصر الفاظ میں یہ یوں کہہ لیں کہ وفاقی آئینی عدالت کی سپریم کورٹ پر ''برتری'' نظر بظاہر منگل کی سہ پہر طے نہیں ہوئی ہے۔ غالباً یہ ''سانحہ'' آئین کی 27ویں ترمیم منظور کرتے وقت ہی رونما ہوچکا تھا۔ ہم صحافی مگر قوم کو اس کے بارے میں بروقت آگاہ کرنے میں ناکام رہے۔

☆☆☆☆☆

وہ چراغ جو بجھ کر بھی روشنی دے گیا

تحریر۔محمد محسن اقبال

کچھ اموات ایک زندگی کا اختتام بن جاتی ہیں، اور کچھ ایسی کہ جو ایک زندگی کو ہمیشہ کے لئے ذمہ داری میں ڈھال دیتی ہیں۔ قائداعظم محمد علی جناحؒ کی وفات 11 ستمبر 1948ء اسی دوسری قسم کی تھی۔ برصغیر کے عظیم رہنما، پاکستان کے پہلے گورنر جنرل اور مملکت کے معمار اعظم کی رحلت پر پاکستان نے محض اپنا پہلا حکمران نہیں کھویا، بلکہ اس مردِ آہن کو کھودیا جس کی بصیرت، عزم اور سیاسی تدبر نے ایک ناممکن خواب کو حقیقت بنایا تھا مگر قائد کی رحلت ان کے مشن کا اختتام نہیں تھی؛ وہ مشن آنے والی نسلوں کے سپرد ہوگیا۔ ہر انسان کے دل میں اپنے گھر کا خواب بسا ہوتا ہے۔ گھر محض اینٹ اور پتھر کا مجموعہ نہیں؛ شناخت کا حصار، محبت کی پناہ گاہ، عزت کا مسکن اور مستقبل کی امید ہوتا ہے۔ ایک باپ اپنی زندگی اس گھر کی تعمیر میں کھپا دیتا ہے، آسائشیں قربان کرتا ہے اور اولاد کے لئے ایک ایسا آشیانہ چھوڑنا چاہتا ہے جہاں نسلیں سکون اور وقار سے زندگی بسر کرسکیں۔ وہ شاید ہر کمرے کی تکمیل نہ دیکھ پائے، مگر بنیاد، دیواریں اور نقشہ چھوڑ جاتا ہے۔ پاکستان بھی ایسا ہی ایک گھر ہے۔ قائداعظمؒ اس کے معمار تھے اور ہم اس کے وارث ہیں۔ انہوں نے پاکستان ورثے میں حاصل نہیں کیا؛ انہوں نے اسے تخلیق کیا۔ تیار شدہ مملکت سنبھالنے کے بجائے پہلے اس کے وجود کے لئے جدوجہد کی، پیدائش ممکن بنائی اور گرتی ہوئی صحت کے باوجود ابتدائی نازک دور سنبھالا۔

14 اگست 1947ء کو وجود میں آنے والا پاکستان آسائشوں کی گود میں پیدا نہیں ہوا تھا۔ وہ تاریخ کی بھٹی سے نکل کر دنیا کے نقشے پر اُبھرا۔ اس کی پیدائش کے ساتھ عظیم انسانی ہجرت کا المیہ جڑا تھا۔ لاکھوں انسان آبائی گھر، کھیت، کاروبار اور یادیں چھوڑ کر نئی سرحدوں کی طرف روانہ ہوئے۔ خاندان بچھڑ گئے، جانیں قربان ہوئیں اور لاکھوں مہاجر نئی مملکت میں عزت، تحفظ اور شناخت کی امید لیکر داخل ہوئے۔ آزادی کے جشن کے پیچھے انسانی دکھوں کا سمندر تھا۔ نئی ریاست کے پاس بقاء کے لئے درکار انتظامی، معاشی اور ادارہ جاتی قوت پوری طرح موجود نہ تھی۔ وسائل محدود تھے، صنعتی ڈھانچہ ناکافی تھا اور لاکھوں مہاجرین کی آبادکاری فوری توجہ مانگتی تھی۔ اسی نوزائیدہ پاکستان پر قائداعظم نے گورنر جنرل کی ذمہ داری سنبھالی۔ معمار نے ابھی بنیاد رکھی ہی تھی کہ پوری عمارت کی نگرانی کا مطالبہ کردیا گیا۔

25 دسمبر 1876ء کو کراچی میں پیدا ہونے والے محمد علی جناح ایک ایسے وکیل اور مدبر کے طور پر اُبھرے جن کی شخصیت ذہانت، نظم و ضبط، اصول پسندی اور خود اعتمادی کا امتزاج تھی۔ وہ چاہتے تو آسودہ زندگی گزار سکتے تھے، مگر تاریخ نے انہیں دشوار راستے کے لئے منتخب کرلیا۔ انہوں نے سیاست میں قدم اس یقین کے ساتھ رکھا کہ آئینی جدوجہد، قانون کی بالادستی اور دلیل کے ذریعے حقوق حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ رولٹ ایکٹ کی مخالفت ان کے اصولی کردار کا مظہر تھی وہ نعروں کے نہیں، دلیل کے سیاستدان تھے۔ جذبات کے بجائے شعور، انتشار کے بجائے تنظیم اور وقتی مقبولیت کے بجائے اصول کو ترجیح دیتے تھے۔ جب فرقہ وارانہ کشیدگی بڑھی اور آئینی ضمانتوں کے امکانات محدود ہوئے تو جناح اس نتیجے پر پہنچے کہ مسلمانوں کے سیاسی حقوق اور شناخت کے لئے الگ سیاسی بندوبست ضروری ہے۔ علامہ اقبالؒ نے مسلمانوں کے سیاسی تشخص کو فکری زبان دی؛ جناح نے اس خواب کو سیاسی نقشہ عطا کیا۔ خیال کو مملکت بنانے کے لئے ایسے رہنما کی ضرورت ہوتی ہے جو سمجھوتہ آسان لگے تب بھی ثابت قدم رہے، جذبات کے طوفان میں نظم وضبط برقرار رکھے اور کامیابی دور دکھائی دے تب بھی سفر جاری رکھے۔ قائداعظم میں یہ وصف بدرجہ اتم موجود تھا۔ وہ تنہا کھڑے ہوسکتے تھے، مگر قوم سے الگ نہیں ہوئے۔ مذاکرات کرتے، مگر اصولوں سے دستبردار نہیں ہوتے۔ طریقہ کار میں لچک پیدا کرسکتے تھے، مگر مقصد پر سمجھوتہ نہیں کرتے۔

23 مارچ 1940ء کی قرارداد لاہور فیصلہ کن سنگ میل تھی، مسلم لیگ موثر سیاسی قوت بن چکی تھی اور الگ وطن کا مطالبہ منظم تحریک بن گیا۔ مذاکرات، کشمکش اور دباؤ کے باوجود عزم قائم رہا۔ قائداعظم کا خطاب محض اعزازی لقب نہیں، جدوجہد کی کمائی ہوئی سند تھا۔

آزادی کے بعد سب سے حیرت انگیز باب شروع ہوا۔ کئی دہائیاں جدوجہد میں گزارنے والے رہنما کو اب ثابت کرنا تھا کہ نوزائیدہ ریاست زندہ رہ سکتی ہے۔ وہ سمجھ گئے تھے کہ سیاسی آزادی قومی طاقت اور دفاع کے بغیر کمزور رہتی ہے۔ فوجی اثاثوں کی تقسیم، کشمیر تنازعہ، معاشی دباؤ اور غیر یقینی تعلقات موجود تھے۔ قائداعظم نے ان مسائل کا سامنا حقیقت پسندی سے کیا۔ وہ امن چاہتے تھے مگر کمزوری کے ذریعے نہیں؛ دوستی چاہتے تھے، مگر خودمختاری کی قیمت پر نہیں۔ ان کی فکر کا خلاصہ یہ تھا: (امن طاقت کا محتاج ہے، مگر طاقت اصولوں کی پابند ہونی چاہئے)۔ ان کا تصورِ پاکستان صرف دفاع تک محدود نہ تھا۔ وہ جانتے تھے کہ قوم کی سلامتی اداروں، معیشت، تعلیم، سماجی ہم آہنگی اور قومی کردار میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ قانون کی حکمرانی، شہریوں کا وقار، منصب کو امانت سمجھنا، میرٹ اور دیانت ریاستی نظم کی بنیاد بنانا چاہتے تھے۔ 11 اگست 1947ء کا دستور ساز اسمبلی سے خطاب ان کے تصورِ شہریت کو سمجھنے کا اہم ذریعہ ہے۔ مساوی شہریت، مذہبی آزادی اور تمام شہریوں کے حقوق کے تحفظ پر زور اس بات کی علامت تھا کہ وہ ایسا نظام چاہتے تھے جہاں شہری کو عزت، تحفظ اور برابری حاصل ہو۔ مختلف شناختیں مشترکہ قومی شناخت کے سائے میں زندہ رہ سکیں، ریاست حقوق کی محافظ ہو اور قانون سب کے لئے ایک معیار رکھتا ہو۔ یہی وہ مقام ہے جہاں قائداعظمؒ کی برسی محض تاریخی یاد نہیں، قومی احتساب کا آئینہ بن جاتی ہے۔ ہمیں خود سے پوچھنا چاہئے کہ کیا ہم نے وہ گھر اسی نقشے کے مطابق تعمیر کیا جس کا خواب قائد نے دیکھا تھا؟ کیا ہم نے ایمان، اتحاد اور نظم و ضبط کو قومی زندگی کا حصہ بنایا یا صرف تقریروں تک محدود کردیا؟ کیا ہم نے آئینی اداروں کا احترام کیا؟ کیا دیانت داری عزت کی علامت ہے؟ کیا غریب شہری قانون کے سامنے طاقتور کی طرح اعتماد سے کھڑا ہوسکتا ہے؟ کیا ہم نے تعلیم، سائنس اور صنعت میں اتنی سرمایہ کاری کی کہ معاشی خودانحصاری حاصل ہو؟ کیا سیاسی، لسانی اور فرقہ وارانہ اختلافات نے مشترکہ شناخت کو کمزور تو نہیں کیا؟ یہ سوالات تلخ مگر ضروری ہیں، جو قوم احتساب نہیں کرسکتی، اصلاح بھی نہیں کرسکتی۔ پاکستان نے عدم استحکام، بحران، جنگیں، دہشت گردی اور آفات جھیلیں، مگر زندہ رہا۔ پاکستانی قوم نے ہر مشکل میں حوصلہ پیدا کیا۔ اس لئے پاکستان کی داستان صرف ناکامیوں کی فہرست نہیں؛ یہ نامکمل خواب ہے۔ ناکام اور نامکمل میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ نامکمل گھر مکمل ہوسکتا ہے۔

اس تکیہ کلام کو بدلیں

تحریر۔نسیم شاہد

پاکستان کے بارے میں جب یہ بات کوئی کہتا ہے کہ فلاں کام کی وجہ سے پاکستان کو توڑنے کی سازش کی جارہی ہے تو جی چاہتا ہے اس کا منہ توڑ دوں۔ کوئی چیز بھی اب پاکستان کو توڑ نہیں سکتی۔ جب یہ بات کہی جائے تو پھر یہ بھی کہا جاتا ہے، کیا ملک ٹوٹا نہیں تھا۔ ایک حصہ علیحدہ نہیں ہوا تھا؟ ہاں ہوا تھا، مشرقی پاکستان بنگلہ دیش بنا تھا لیکن اس وقت زمینی حقائق اور کیمسٹری بہت مختلف تھی، دونوں حصوں کے درمیان ایک ہزار کلومیٹر کا فاصلہ اور درمیان میں سمندر، اس یکجہتی کو کمزور کرنے کا باعث بنا، پھر دونوں حصوں کے عوام میں وہ لسانی وثقافتی روابط بھی نہیں تھے۔ یہ بھی درست ہے کہ کچھ حکومتی پالیسیاں اور معاشی محرومیاں بھی درمیان میں تھیں، سب سے بڑی بات اس حقیقت کو بھی نظر انداز کیا گیا تھا جو جمہوری حوالے سے زمین پر موجود تھی۔ پاکستان ٹوٹ گیا تھا، مگر پھر ہم نے بہت سی چیزوں کو درست بھی کیا، آئین بنایا، فیڈریشن بنائی، چار صوبے بنائے اور ایک نظام کو جاری و ساری کیا۔ اس کے مثبت اثرات بھی نکلے اور منفی نتائج بھی آئے۔ اس میں خامیاں بھی رہیں اور خوبیوں نے بھی جنم لیا۔ سب کچھ اپنی جگہ پر مگر یہ بات بے بات کہہ دینا کہ فلاں عمل کرکے ملک کو تقسیم کرنے کی سازش یا کوشش کی جارہی ہے، میرے نزدیک پرلے درجے کی سفاکی ہے۔ کیا پاکستان کوئی کیک ہے جسے جب چاہے کوئی تقسیم کردے۔ ارے نہیں بھائی ملک کے چاروں صوبوں میں ایک ہی قوم بستی ہے، ہم چند فیصد لوگوں کی سرگرمیوں کو سامنے رکھ کر یہ کہہ دیتے ہیں کہ ملک کو تقسیم کرنے کی سازش ہورہی ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ ایک رہنا ہے اور چاروں اکائیاں بشمول آزاد کشمیر و گلگت بلتستان یہ ایک گلدستہ ہے جس کے ہر پھول کی حفاظت 25 کروڑ عوام کررہے ہیں۔ اس معاملے میں حد درجہ احتیاط کی ضرورت ہے۔ ایک صوبے کا وزیر اعلیٰ اگر دوسرے صوبے میں جاتا ہے تو یہ اسکا حق ہے، تاہم اگر سیاسی معاملات کے حوالے سے کسی صوبے کی انتظامیہ اس کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرتی ہے تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اسے پاکستان کو تقسیم کرنے کی سازش کہہ دیا جائے۔ اوّل تو مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ پنجاب حکومت چند سو یا چند ہزار لوگوں کے جمع ہونے سے اتنی خوفزدہ کیوں ہو جاتی ہے۔ کیوں صوبے کی وزیر اطلاعات کو بار بار ایسی ویڈیوز شیئر کرنا پڑتی ہیں کہ خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ کو لاہور میں بندے نہیں مل رہے۔ بندے ملیں گے کیوں نہیں ملیں گے۔ ایک سیاسی جماعت ہے، جس کی زمینی حقیقت موجود ہے، جس کے منتخب صوبائی ارکان بھی پنجاب اسمبلی میں موجود ہیں، وہ اگر چند ہزار لوگ باہر لے آتی ہے تو کون سا ریفرنڈم ہوگیا ہے۔ اس مصنوعی سوچ سے باہر آنے کی ضرورت ہے۔ سب کو پتہ ہے کون اس وقت کہاں کھڑا ہے۔ ایک ایسا ماحول بنانے کی کیا ضرورت ہے کہ جس میں خوامخواہ دوسرے کو اہمیت ملنا شروع ہوجائے۔

پھر خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو بھی اس بات کو تکیہ کلام بنانے سے گریز کرنا چاہیے کہ انہیں اگر روکا گیا ہے، کارکنوں کو پکڑا یا مارا گیا ہے تو یہ ملک توڑنے کی سازش ہے۔ یہ سب ایک سیاسی کھیل تماشہ ہے۔ یہ بات بھی ایک بڑی حقیقت ہے کہ وزیر اعلیٰ جیسا بڑا حکومتی عہدیدار کسی صوبے کی بہت بڑی ذمہ داری بھی ہوتا ہے۔ اگر فرض کریں پنجاب میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو کچھ ہوجاتا ہے تو کتنا بڑا طوفان آئے گا؟ پنجاب حکومت یہ نہیں کہہ سکتی وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے سیکیورٹی لینے سے انکار کردیا تھا۔ وہ لاکھ انکار کریں، ذمہ داری تو پھر بھی صوبے کی بنتی ہے۔ سہیل آفریدی جب لاہور میں پولیس والوں کو کہہ رہے تھے آپ واپس چلے جائیں، مجھے آپ کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ مجھے تو خطرہ ہی آپ سے ہے۔ میرے نزدیک یہ اس نظام کی حدود کو پار کرنے کے مترادف ہے، جس میں سارے انتظامات چل رہے ہیں۔ بدقسمتی سے تحریک انصاف جو بہت بڑی سیاسی جماعت ہے، اس وقت ایک وزیر اعلیٰ میں سمٹ کر رہ گئی ہے۔ وہ سندھ جائے، پنجاب جائے تو سٹریٹ موومنٹ ہوتی ہے۔ اس بڑی جماعت کے عہدیدار کہاں ہیں۔ ارکان اسمبلی کدھر چھپے ہوئے ہیں۔ حالت یہ ہے کہ وزیر اعلیٰ کی موجودگی میں بھی باہر نہیں آتے۔ یہ درست ہے کہ سختیاں بہت ہیں۔ پولیس گھروں میں داخل ہوجاتی ہے۔ گزشتہ دنوں پولیس کوٹ لکھپت جیل میں بند پی ٹی آئی کے رہنما محمود الرشید کے گھر داخل ہوئی اور ان کی اہلیہ کے ساتھ بھی بدتمیزی کی، جس پر جناب مجیب الرحمٰن شامی نے بھی تاسف کا اظہار کیا اور وزیر اعلیٰ مریم نواز کی توجہ اس کا نوٹس لینے کی طرف دلائی، لیکن جدوجہد تو پھر قربانیاں مانگتی ہے۔ کیا ایک جماعت کو صرف کسی صوبے کا وزیر اعلیٰ پورے صوبے میں متحرک کرسکتا ہے جبکہ باقی ساری قیادت سوئی رہے۔

بات شروع ہوئی تھی اس نکتے سے سیاسی اقدامات یا سیاسی معاملات کی وجہ سے ہم یہ کہنا کیوں شروع کردیتے ہیں کہ ملک کو توڑنے کی سازش ہورہی ہے۔ نئے صوبوں کی بات ہونے لگے تو یہی راگ شروع ہوجاتا ہے۔ کسی صوبے کا وزیر اعلیٰ اپنے مسائل کے حوالے سے کوئی دکھ بیان کردے تو یہی بات کی جاتی ہے، کسی دہشت گردی کو روکنے کیلئے کہیں سختی ہو تو شامت بے چارے پاکستان کی آجاتی ہے کہ اسے توڑا جارہا ہے۔ ذرا ذرا سی بات پر اس اضافہ تراشی کو بند ہونا چاہیے۔ ہاں درست ہے کہ بلوچستان میں حالات خراب ہیں۔ کیا حالات خراب ہوں گے تو اس کا مطلب صوبہ ملک سے علیحدہ ہوجائے گا۔

روزنامہ عوام
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

کھیلوں کی دنیا

انچارج شجاع

ایشین گیمز 2026 پاکستان ویمنز نے بنگلادیش کو شکست دے کر کانسی کا تمغہ جیت لیا

ایونٹ میں گولڈ میڈل کی دوڑ کے لیے آج سری لنکا اور بھارت کی ٹیموں کے درمیان مقابلہ ہوگا

پاکستان نے 20 اوورز میں 8 وکٹوں پر 145 رنز بنائے، بنگالی ٹیم 7 وکٹوں کے نقصان پر 114 رنز بناسکی

کوروجی (این این آئی) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم نے ایشین گیمز 2026ء کے تیسرے پوزیشن کے میچ میں بنگلادیش کے خلاف 31 رنز سے کامیابی حاصل کرتے ہوئے کانسی کا تمغہ جیت لیا۔ کوروجی اسپورٹس پارک نیشن میں کھیلے گئے برونز میڈل میچ میں پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 145 رنز بنائے۔ پاکستان کی جانب سے اوپننگ بیٹر گل فیروزہ نے 31 رنز اسکور کئے جبکہ کپتان فاطمہ ثنا نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 30 گیندوں پر 3 چوکوں اور 3 چھکوں کی بدولت 45 رنز اسکور کیے۔ بنگلادیش کی جانب سے ناہیدہ اختر، شورنا اختر اور ربو مونی نے 2،2 وکٹیں اپنے نام کی جبکہ سنجیدہ اختر نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ بنگلادیشی ٹیم 146 رنز کے ہدف کے تعاقب میں 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 114 رنز بناسکی۔ پاکستان کی جانب سے ام ہانی نے عمدہ بولنگ کرتے ہوئے 3 وکٹیں حاصل کیں جبکہ فاطمہ ثنا اور تسمیہ رباب، نشرا سندھو اور عائشہ ظفر نے ایک، ایک وکٹ حاصل کی۔ پاکستان ویمنز ٹیم نے اس فتح کے ساتھ ایشین گیمز 2026 میں کانسی کا تمغہ حاصل کرلیا۔ پاکستان اس سے قبل سیمی فائنل میں سری لنکا کے ہاتھوں 8 وکٹوں سے شکست کھا کر گولڈ میڈل کی دوڑ سے باہر ہوگیا تھا جس کے بعد اسے برونز میڈل کے میچ میں بنگلادیش کا سامنا کرنا پڑا۔ ایونٹ میں گولڈ میڈل کی دوڑ کے لیے آج سری لنکا اور بھارت کی ٹیموں کے درمیان مقابلہ ہوگا۔

کرکٹر محمد رضوان انکوائری میں شامل ہوں اور تعاون کریں، لاہور ہائیکورٹ کا تحریری فیصلہ

کارروائی کھیل میں سے کرپشن کے خاتمے کیلئے ہے اس میں مداخلت نہیں کی جاسکتی، عدالت عالیہ

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے پاکستانی کرکٹر محمد رضوان کی انکوائری کیخلاف درخواست پر تحریری حکم جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ کرکٹر محمد رضوان انکوائری میں شامل ہوں اور تعاون کریں۔ تفصیلات کے مطابق چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے کہا کہ انکوائری نہ تو قانونی جواز کے بغیر ہے اور نہ ہی بدنیتی پر مبنی ہے۔ عدالت نے تحریری حکم میں کہا کہ یہ کارروائی کھیل میں سے کرپشن کے خاتمے کیلئے ہے اس میں مداخلت نہیں کی جاسکتی۔ مجاز اتھارٹی کی چھان بین ابھی مکمل نہیں ہوئی، ابھی تعین کرنا ہے کہ کارروائی کی ضرورت ہے یا نہیں، درخواست گزار کو انکوائری کے حتمی نتائج پر کوئی شکایت ہو تو وہ دادرسی کیلئے آزاد ہیں۔ عدالت نے کہا کہ کرکٹر محمد رضوان انکوائری میں شامل ہوں اور تعاون کریں، مجاز اتھارٹی درخواست گزار کو ہراساں نہ کرے اور قانون کے مطابق انکوائری مکمل کرے۔ عدالت کے تحریر حکم کے مطابق کرکٹر اپنی ضبط کی جانے والی اشیا کی واپسی کیلئے مجاز عدالت سے رجوع کرسکتے ہیں۔ واضح رہے کہ دورہ انگلینڈ میں دو ٹیسٹ میچوں میں شکست کے بعد جن کھلاڑیوں کو پاکستان طلب کیا گیا تھا، ان میں محمد رضوان بھی شامل تھے۔ پی سی بی نے محمد رضوان اور امام الحق سے ان کے موبائل فون تحویل میں لے لیے تھے، جنہیں بعد ازاں این سی آئی کے حوالے کردیا جبکہ دونوں کھلاڑیوں کو ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے سے بھی روک دیا تھا۔

جعلی کووڈ ویکسینیشن سرٹیفکیٹ، مشہور فٹبالر گرانیت شاکا کو سزا کا امکان

کووڈ-19 ویکسینیشن کے حوالے سے میں خود بہت تذبذب کا شکار تھا اور مجھے شدید تحفظات تھے، شاکا

لوسرن (این این آئی) انگلش پریمیئر لیگ کے فٹبال کلب سنڈر لینڈ کے گرانیت شاکا نے کووڈ-19 وبا کے دوران جعلی ویکسینیشن سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کا اعتراف کرلیا۔ کھلاڑی کو اعتراف کے نتیجے میں بھاری جرمانے یا ممکنہ طور پر جیل کی سزا کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ 33 سالہ سوئس کپتان نے لوسرن شہر کے پبلک پراسیکیوٹر دفتر کی جانب سے جاری فوجداری تحقیقات کے دوران اپنے ملک کے آئندہ نیشنز لیگ کے میچز سے دستبرداری اختیار کرلی ہے۔ یہ معاملہ اس وقت سامنے آیا جب یہ شبہ پیدا ہوا کہ لوسرن کی ایک خاتون ڈاکٹر نے بعض افراد کو ویکسین لگائے بغیر ہی ویکسینیشن سرٹیفکیٹس جاری کیے تھے۔ ڈاکٹر نے ان الزامات کی تردید کی ہے۔ تاہم شاکا نے انسٹاگرام پر جاری اپنے بیان میں اس معاملے میں اپنی غلطی کا اعتراف کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ گزشتہ چند دنوں کے دوران ان کے ماضی سے متعلق ایک معاملے پر بہت کچھ رپورٹ کیا گیا ہے، وہ چاہتے ہیں کہ اس بارے میں ذاتی طور پر اپنا موقف بیان کریں۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت کووڈ-19 ویکسینیشن کے حوالے سے وہ خود بہت تذبذب کا شکار تھے اور انہیں شدید تحفظات تھے۔ انہیں ویکسین پر عدم اعتماد اور وہ خوف اور بے یقینی کی کیفیت سے دوچار تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس جذباتی صورتحال میں، انہوں نے اپنے ان سوالات کے جوابات مناسب طریقے سے حاصل کرنے کے بجائے ویکسینیشن سرٹیفکیٹ حاصل کرلیا اور اب وہ واضح طور پر سمجھتے ہیں کہ یہ درست اقدام نہیں تھا، یہ ایک غلطی تھی اور انہیں اس پر افسوس ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ اپنے فیصلے کی ذمہ داری قبول کرتے ہیں، حقائق واضح کرنے کے لیے ہونے والی کارروائی کا سامنا کریں گے اور متعلقہ حکام کے ساتھ مکمل تعاون کریں گے۔

قومی فٹ بالر ناصر جمیل نے پی ایف ایف ڈی لائسنس سرٹیفکیٹ فٹ بال کوچنگ کورس پاس کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) ہاف بال کلب اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے قومی فٹ بالر ناصر جمیل نے پی ایف ایف ڈی لائسنس سرٹیفکیٹ فٹ بال کوچنگ کورس پاس کرلیا۔ پی ایف ایف ڈی لائسنس سرٹیفکیٹ فٹ بال کوچنگ کورس کے شرکا کو قومی کوچز اور انسٹرکٹرز اختر محی الدین اور سعی اللہ نے تربیت دی۔ ہاف بال کلب اسلام آباد کے صدر سید ذاکر حسین نقوی نے ناصر جمیل کو کورس پاس کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ناصر جمیل کے پی ایف ایف ڈی لائسنس سرٹیفکیٹ فٹ بال کوچنگ کورس پاس کرنے سے ہاف کلب کے کھلاڑیوں کو بہت فائدہ پہنچے گا۔ یہ کورس 16 سے 20 ستمبر تک پاکستان سپورٹس بورڈ اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ ناصر جمیل پاکستان ٹیلی ویژن فٹ بال ٹیم کی طرف سے بھی قومی فٹ بال ٹورنامنٹس میں بھی کھیلتے رہے ہیں۔

ایشین گیمز، بھارتی ٹیم نے سری لنکا کو 147 رنز سے ہرا کر گولڈ میڈل جیت لیا

ناگویا (آن لائن) ایشین گیمز میں ویمنز کرکٹ کے فائنل میں بھارتی ٹیم نے سری لنکا کو 147 رنز سے ہرا کر گولڈ میڈل جیت لیا۔ بھارتی ویمنز نے مقررہ 20 اوورز میں 3 وکٹ پر 216 رنز بنائے جبکہ سری لنکا ویمنز ٹیم صرف 69 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ علاوہ ازیں پاکستان ویمنز ٹیم نے بنگلادیش ویمنز ٹیم کو شکست دے کر برانز میڈل جیت لیا۔ پاکستان ویمنز ٹیم نے بنگلادیش کو 31 رنز سے شکست دی۔ قومی ٹیم نے مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 145 رنز بنائے، کپتان فاطمہ ثنا 45 رنز کے ساتھ نمایاں بیٹر رہیں۔ بعد ازاں بنگلادیشی ویمنز ٹیم 7 وکٹوں کے نقصان پر 114 رنز بناسکی، پاکستان کی جانب سے ام ہانی نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔

وسیم شہزاد تائیکوانڈو کھیل کو جدید طرز پر ترقی دیں گے: سپورٹس آرگنائزر

سابق انٹرنیشنل کھلاڑی وسیم شہزاد اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے نیا ٹیلنٹ متعارف کرائیں گے

کوئٹہ (آن لائن) سابق انٹرنیشنل تائیکوانڈو کھلاڑی وسیم شہزاد کو پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا صدر بننے پر نوجوان تائیکوانڈو پلیئرز خوشی سے نہال ہیں۔ کھیلوں سے وابستہ شخصیات، نوجوان کھلاڑیوں، کوچز اور تائیکوانڈو کے حلقوں کی جانب سے وسیم شہزاد کو پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا صدر بننے پر دلی مبارکباد پیش کی گئی۔ کھیلوں کے حلقوں نے وسیم شہزاد کی نئی ذمہ داری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایک سابق انٹرنیشنل کھلاڑی کی قیادت میں پنجاب میں تائیکوانڈو کے فروغ، نئے ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی اور کھلاڑیوں کو بہتر مواقع فراہم کرنے کیلئے مثبت پیش رفت کی توقع ہے۔ نوجوان تائیکوانڈو پلیئرز نے امید ظاہر کی کہ وسیم شہزاد اپنی صلاحیتوں، تجربے اور کھیل سے وابستگی کو بروئے کار لاتے ہوئے پنجاب میں تائیکوانڈو کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ سپورٹس آرگنائزرز نے کہا کہ نوجوان کھلاڑیوں کی تربیت، مقابلوں کے انعقاد اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو قومی و بین الاقوامی سطح پر آگے بڑھانے کے لیے مؤثر اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ سپورٹس آرگنائزرز نے وسیم شہزاد کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن نئی کامیابیاں حاصل کرے گی اور صوبے کے کھلاڑی قومی و بین الاقوامی سطح پر ملک وقوم کا نام روشن کریں گے۔

پشاور، نیشنل رینکنگ بیڈمنٹن چیمپئن شپ میں شریک کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

ایشین گیمز، پاکستان ہاکی ٹیم کا شاندار کارکردگی کا مظاہرہ

ازبکستان کو ایک کے مقابلے میں پانچ گول سے شکست دیدی

آیچی ناگویا (این این آئی) 20ویں ایشین گیمز آیچی ناگویا 2026 کے مینز کے ہاکی ٹورنامنٹ میں پاکستان ہاکی ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ازبکستان کو 1 کے مقابلے میں 5 گول سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کا دوسرا میچ جیت لیا۔ تفصیلات کے مطابق 18ویں منٹ میں پاکستان کے محمد عماد نے بہترین فیلڈ گول کرکے ٹیم کو 0-1 کی برتری دلائی۔ 30ویں منٹ میں ازبکستان کے سلیم جونوف شوخ رخ بیگ نے پینلٹی کارنر کے ذریعے گول کرکے مقابلہ 1-1 سے برابر کردیا۔ 33ویں منٹ میں پاکستان کے سفیان خان نے پینلٹی کارنر کو گول میں بدل کر پاکستان کو 2-1 سے آگے کردیا۔ 40ویں منٹ میں عبد الرحمٰن نے پینلٹی کارنر پر گول اسکور کرکے برتری 3-1 کردی۔ 45ویں منٹ میں ابوبکر محمود نے پینلٹی اسٹروک پر کامیابی سے گول کرکے اسکور 4-1 کردیا۔ 57ویں منٹ میں سفیان خان نے میچ میں اپنا دوسرا اور ٹیم کا پانچواں گول پینلٹی کارنر کے ذریعے اسکور کرکے پاکستان کی 5-1 سے فتح یقینی بنادی۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی نے قومی ٹیم کی اس شاندار فتح پر کھلاڑیوں اور آفیشلز کو مبارکباد پیش کی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ ٹیم آگے بھی اسی تسلسل کو برقرار رکھے گی۔

ٹی 20 کپتانی کیلئے ذہنی طور پر تیار نہیں ہوں، شاداب خان

موجودہ کپتانی سلمان علی آغا کی حمایت کرتا ہوں، وہ بطور کپتان اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں، انٹرویو

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے آل راؤنڈر شاداب خان نے کہا ہے کہ ٹی 20 کپتانی کے لیے ذہنی طور پر تیار نہیں ہوں۔ ایک انٹرویو میں پاکستان کے آل راؤنڈر شاداب خان نے فی الحال قومی ٹی 20 کپتانی سنبھالنے کے امکان کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس ذمہ داری کے لیے ذہنی طور پر تیار نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ موجودہ کپتانی سلمان علی آغا کی حمایت کرتا ہوں، وہ بطور کپتان اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں اور انہیں خود کو منوانے کے لیے مزید وقت ملنا چاہیے۔ شاداب خان نے کہا کہ آئے روز کپتان تبدیل کرنے سے حالات بہتر نہیں ہوں گے بلکہ تسلسل بہت ضروری ہے۔ آل راؤنڈر نے کہا کہ کرکٹ بورڈ کی جانب سے ٹی 20 کپتانی کے حوالے سے مجھ سے ابھی تک کسی نے رابطہ نہیں کیا ہے۔

کوئٹہ، بلوچستان ریفامز سپورٹس کلب کے زیر اہتمام پرنسپل ڈاکٹر صفیہ مینگل و دیگر تقریب کے موقع پر طالبات کے پیش کردہ ٹیبلو دیکھ رہے ہیں

ٹینٹ پیگنگ ورلڈکپ کوالیفائرز میں پاکستان کی شاندار کارکردگی ورلڈکپ کیلئے کوالیفائی کرلیا

پہلی پوزیشن حاصل کرلی اور ورلڈکپ کے لئے کوالیفائی کرلیا، دی گولڈن لیجنڈ تصور عباس لک کی شاندار کارکردگی نمایاں رہی

انٹرنیشنل ٹینٹ پیگنگ فیڈریشن کے نائب صدر صاحبزادہ سلطان محمد علی نے پاکستانی ٹیم کی کامیابی پر کھلاڑیوں کو سراہا

اسلام آباد (این این آئی) عمان میں ہونے والے ٹینٹ پیگنگ ورلڈ کپ کوالیفائرز میں پاکستان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلی پوزیشن حاصل کرلی اور ورلڈ کپ کے لئے کوالیفائی کرلیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوالیفائرز میں پاکستان، امریکا، عمان، ایران، ازبکستان اور قطر کی ٹیموں نے شرکت کی۔ پاکستان کی کامیابی میں دی گولڈن لیجنڈ تصور عباس لک کی کارکردگی نمایاں رہی جنہوں نے رنگ اینڈ پیگ، لیمن سلیسنگ اور ریلے سنگل لائن میں تین گولڈ میڈلز جیتے۔ تصور عباس لک نے مجموعی مقابلوں میں بھی گولڈ میڈل حاصل کیا اور انہیں ٹورنامنٹ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ محمد صغیر زرگر نے تلوار کے انفرادی مقابلے میں گولڈ میڈل جبکہ مجموعی انفرادی مقابلوں میں سلور میڈل حاصل کیا۔ انٹرنیشنل ٹینٹ پیگنگ فیڈریشن کے نائب صدر صاحبزادہ سلطان محمد علی نے پاکستانی ٹیم کی کامیابی پر کھلاڑیوں کو سراہا۔

ایشین گیمز، بھارتی ایتھلیٹ سوچیکا تاریال کا شکست ماننے سے انکار

ٹوکیو (این این آئی) ایشین گیمز میں بھارتی ایتھلیٹ سوچیکا تاریال نے شکست کے بعد اسپورٹس مین اسپرٹ کی دھجیاں اڑادیں۔ ایم ایم اے کے سیمی فائنل میں بھارتی ایتھلیٹ سوچیکا کو سنگاپور کی ہوئی ہون کے ہاتھوں شکست ہوئی تاہم انہوں نے شکست ماننے سے انکار کرتے ہوئے احتجاجاً حریف ایتھلیٹ اور ریفری سے ہاتھ نہیں ملایا۔ 60 کے جی کیٹیگری میں سوچیکا نے شکست تسلیم کرنے سے انکار کیا اور ریفری کے فیصلے کے خلاف احتجاج کیا۔ مقررہ وقت میں مقابلہ برابر رہا، جس پر بھارت نے فیصلہ چیلنج کیا تاہم ری ویو کے بعد بھی ججز نے اپنا فیصلہ برقرار رکھا۔ 700 گرام وزن زیادہ ہونے پر بھارتی ایتھلیٹ کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

ایشین گیمز میں پاکستان کبڈی نے دوسری کامیابی حاصل کرلی

ٹوکیو (این این آئی) پاکستان کبڈی ٹیم نے ایشین گیمز میں دوسرا میچ بھی جیت لیا۔ گروپ بی میں پاکستان نے نیپال کے خلاف کامیابی حاصل کی، پاکستان ٹیم نے نیپال کے خلاف 43-58 سے میچ جیتا۔

تیز رفتاری کا خمیازہ، مصری فٹبالر محمد صلاح پر 6 ماہ کیلئے ڈرائیونگ پر پابندی

صلاح کی رولز رائس کو ولمزلو میں 30 میل فی گھنٹہ کی حد والی سڑک پر 36 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے سفر کرتے ریکارڈ کیا گیا

قاہرہ (این این آئی) مصری فٹ بال ٹیم کے کپتان اور انگلش کلب لیورپول کے سابق نامور کھلاڑی محمد صلاح پر تیز رفتاری کے مقدمے میں عدالت نے ڈرائیونگ پر 6 ماہ کی پابندی اور ایک ہزار 44 پاؤنڈ جرمانہ عائد کردیا۔ عدالتی دستاویزات کے مطابق صلاح کی رولز رائس کو 27 مارچ کو چیشائر کے علاقے ولمزلو میں 30 میل فی گھنٹہ کی حد والی سڑک پر 36 میل فی گھنٹہ (58 کلومیٹر فی گھنٹہ) کی رفتار سے سفر کرتے ہوئے اسپیڈ کیمرے نے ریکارڈ کیا۔ محمد صلاح نے پولیس کو یہ معلومات فراہم نہیں کیں کہ گاڑی اس وقت کون چلا رہا تھا۔ پولیس کی جانب سے جاری کیے گئے قانونی نوٹس کا بھی انہوں نے جواب نہیں دیا اور الزام پر اپنا موقف پیش نہیں کیا۔ وارنگٹن کمبائنڈ کورٹ میں سماعت کے دوران صلاح کو 6 ماہ کی ڈرائیونگ پابندی کے ساتھ مجموعی طور پر 1044 پاؤنڈ جرمانہ ادا کرنے کا حکم دیا گیا۔

ایشین چیمپئنز ٹرافی کے میچز بھارت میں نہ کھیلنے کے فیصلے پر قائم ہیں، صدر پی ایچ ایف

جاپان میں جاری ایشین گیمز میں پاکستان ہاکی ٹیم سے بہتر توقعات ہیں، محی الدین وانی

کراچی (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) کے صدر محی الدین وانی نے ایشین چیمپئنز ٹرافی میں اپنے میچز نیوٹرل وینیو پر کھیلنے کا عزم دوہرا دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محی الدین وانی نے کہا کہ ہم بھارت میں ہونے والی ایشین چیمپئنز ٹرافی 2026 میں اپنے مقابلے غیر جانبدار مقام پر کھیلنے کے فیصلے پر قائم ہیں تاہم حتمی فیصلہ ایشین ہاکی فیڈریشن کرے گی۔ محی الدین وانی نے کہا کہ جاپان میں جاری ایشین گیمز میں پاکستان ہاکی ٹیم سے بہتر توقعات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہاکی مسلسل بہتری کی راہ پر گامزن ہے جو اگلے چند برسوں میں مزید بہتر ہوجائے گی۔ صدر پی ایچ ایف نے کہا کہ دنیا کی بہترین ٹیموں کو شکست دی ہے، بھارت کے خلاف بھی شاندار کارکردگی دکھائی ہے، کھلاڑیوں کا مورال کافی بلند ہوچکا ہے۔

بقیہ 1

صوبائی مشیر نوابزدہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ بلوچستان کے بچوں کو محفوظ اور صحت مند مستقبل فراہم کرنے کے لیے انسداد پولیو ٹیمیں دن رات کوشاں ہیں۔ بچوں کو بیماریوں میں مبتلا کرنے کی کوشش کرنے والے عناصر انسانیت کے تقاضوں سے عاری ہیں۔ صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے مطالبہ کیا کہ افسوسناک واقعے میں ملوث دہشتگردوں کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور پولیو ورکرز سمیت حفاظتی اہلکاروں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 2

کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں حکومت اور پولیس شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے شاہد رند نے کہا کہ واقعے کے حوالے سے پولیس کی جانب سے تحقیقات جاری ہیں، تحقیقات مکمل ہونے کے بعد واقعے کی مزید تفصیلات سامنے آئیں گی۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ 3

بھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ دہشت گرد اپنے بیرونی آقاؤں کی ایماء پر بلوچستان میں تخریبی کارروائیوں کے ذریعے قیام امن کے لیے جاری کوششوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں ان پر واضح ہو کہ صوبائی حکومت سیکورٹی اداروں کی مدد سے غیر ریاستی عناصر کا جلد صفایا کرے گی۔ انہوں نے واقعہ میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ پاک دونوں شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ 4

برآمد کیا گیا، جبکہ 9 مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ معاون وزیر اعلیٰ برائے اطلاعات نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن و استحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دہشتگرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جا رہی ہے شاہد رند نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے لیے ریاستی ادارے پوری طرح متحرک ہیں۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔

بقیہ 5

کردیا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ شب پچھی کے علاقے مشکاف کے رہائشی نوروز خان کشاری کے علاقے میں شکار کے لئے گئے جہاں پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ہلاک ہوگیا بتایا جاتا ہے کہ فائرنگ کے واقعہ میں ایک اور نوجوان مولابخش بھی ہلاک ہوا ہے واقعہ کی اطلاع ملنے پر مقامی انتظامیہ واقعہ کی تحقیقات کے ذریعے حقائق معلوم کررہی ہے۔

بقیہ 6

مراد جمالی اپنے گھر آرہے تھے کہ نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے ان پر شدید فائرنگ کی جس پر وہ موقع پر جانبحق ہوگئے جن کی لاش ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردی گئی جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی ادھر جعفرآباد کے علاقے ڈیرہ اللہ یار میں دو ویگو گاڑیوں میں ڈنڈہ بردار مسلح افراد نے ڈیرہ اللہ یار کے مقامی صحافی وسوشل ورکر جمعہ خان جمالی پر حملہ کردیا جس کے باعث انکا سر پھٹ گیا ایک بازو ٹوٹ گیا اور جسم کے دیگر حصوں پر شدید نوعیت کی چوٹیں لگیں ان کو زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کردیا گیا جبکہ واقعے کے بعد حملہ آور فرار ہوگئے ڈیرہ اللہ یار میں رند اور بگٹی قبائل کے درمیان تصادم میں چھ افراد زخمی ہوگئے جن کو لیبر ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے لڑائی جھگڑے میں ملوث چار افراد کو حراست میں لے لیا جبکہ صحبت پور کے قریب مین روڈ مہر شاہ کے مقام پر نامعلوم افراد نے محکمہ لائیو سٹاک صحبت پور کے ڈاکٹر نواز کھوسو کو زخمی کرکے فرار ہوگئے زخمی ڈاکٹر کو سول اسپتال صحبت پور منتقل کردیا گیا واقعے کے بارے میں صحبت پور پولیس نے مذید تحقیقات شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 7

شہید اور زخمی کر کے روڈوں کو بند کرکے بھتہ اور بینکوں کو لوٹ کر کے رقم لے جاتے ہیں پولیس اور سیکورٹی فورسز کی دلیرانہ کاوشیں اور قربانیاں کبھی بھی رائیگاں نہیں جائے گی۔ مولانا محمد شفیق دولتزئی نے واضح کیا کہ جمعیت (س) پاکستان اسلامی نظام کے نفاذ اور ملک کے استحکام وسالمیت کیلئے اپنا کردار ادا کررہی ہے۔

بقیہ 8

مفاہمتی یادداشت سیکرٹری صحت بلوچستان سید مجیب الرحمٰن کی موجودگی اور نگرانی میں طے پائی۔ تقریب میں یونیسف بلوچستان کی جانب سے ڈاکٹر عامر، بلوچستان ہیلتھ کارڈ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر احمد ولی اور ہیلتھ سروسز ریفارمز یونٹ بلوچستان کے ڈاکٹر شاکو مینگل بھی موجود تھے بریفنگ میں بتایا گیا کہ بلوچستان میں ڈی ایچ آئی ایس ٹو کے نفاذ، رپورٹنگ کمپلائنس میں بہتری اور نظام کو فعال و مؤثر بنانے میں یونیسف پاکستان کا تعاون بنیادی اہمیت کا حامل رہا ہے۔

بقیہ 9

پروگرامز پر عملدرآمد کررہا ہے۔ ان پروگرامز کا مقصد مالی معاونت کے ذریعے طلبہ وطالبات کے تعلیمی سفر کو جاری رکھنے اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کے مواقع کو بہتر بنانا ہے اس موقع پر ادارے کی مختلف اسکالرشپ اسکیمز اور ان کے دائرہ کار کے حوالے سے بھی تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا اور بتایا گیا کہ مکمل مالی معاونت پر مبنی ضلعی ٹاپرا سکالرشپ کے تحت ہر ضلع کی سطح پر نمایاں تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ کو مکمل مالی معاونت فراہم کی جاتی ہے، تاکہ وہ اپنی تعلیم کو مزید آگے بڑھا سکیں۔

بقیہ 10

صحت کاملہ عطا کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ حاجی نور محمد خان دمڑ نے مزید کہا کہ بلوچستان حکومت دہشت گردی کے ایسے بزدلانہ واقعات میں ملوث شر پسند عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرے گی۔ پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمے کے لیے حکومت کے عزم میں کوئی کمی نہیں آئے گی اور پولیو مہم ہر صورت جاری رہے گی۔

بقیہ 11

گزشتہ رات ان کے آبائی علاقے احمد وال سے نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر اغوا کرکے اپنے ساتھ لے گئے۔

بقیہ 12

پر بھرتیوں کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کے تمام چھ زونز کے چیف انجینئرز چیف انجینئر ای اینڈ ایم، ورکس ڈویژن کے افسران اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کے دوران متعلقہ افسران کی جانب سے سیکریٹری مواصلات و تعمیرات کو لواحقین کوٹہ کے تحت جاری بھرتیوں کے عمل، امیدواروں کے کوائف اور دستاویزات کی جانچ پڑتال سمیت مختلف امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ محکمہ میں لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کے سلسلے میں سپریم کورٹ کے فیصلے اور متعلقہ احکامات کے مطابق من وعن عمل درآمد کیا جارہا ہے جبکہ امیدواروں کی جانب سے جمع کرائی گئی دستاویزات کی جانچ پڑتال کا عمل بھی جاری ہے سیکریٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ بھرتیوں کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور تمام امیدواروں کے ساتھ یکساں اور منصفانہ طرزِ عمل اختیار کیا جائے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ امیدواروں کے کاغذات اور دیگر ضروری دستاویزات کی جانچ پڑتال مقررہ قواعد کے مطابق مکمل کی جائے اور کسی بھی مرحلے پر ذاتی پسند و ناپسند سفارش یا دباؤ کو خاطر میں نہ لایا جائے انہوں نے مزید کہا کہ لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کے عمل میں کسی قسم کا ابہام بے ضابطگی یا شکایات کی گنجائش نہیں ہونی چاہیے تمام مراحل کو واضح طریقہ کار کے تحت مکمل کیا جائے تاکہ بھرتی کا عمل نہ صرف میرٹ پر مبنی ہو بلکہ اس کی شفافیت بھی ہر سطح پر نمایاں ہو سیکریٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے افسران پر زور دیا کہ وہ بھرتیوں کے عمل کی مسلسل نگرانی کریں اور اس حوالے سے پیش آنے والے کسی بھی مسئلے یا شکایت کو فوری طور پر قواعد وضوابط کے مطابق حل کیا جائے انہوں نے کہا کہ محکمہ کی جانب سے لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کا عمل قانونی تقاضوں اور اعلیٰ عدلیہ کے احکامات کی روشنی میں مکمل کیا جائے گا۔

بقیہ 14

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور جنوبی بلوچستان کے عوام کو بہتر انفراسٹرکچر کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل سے کیچ اور جنوبی بلوچستان میں آمدورفت اور رابطہ کاری میں بہتری آئے گی اور خطے میں ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔

بقیہ 15

یار محمد پندرانی ڈائریکٹر ریٹائرڈ بیکٹ اقبال خان مروت، اور سینئر سٹیزنز نے شرکت کی۔ تقریب کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین بلوچستان سینئر سٹیزن کونسل احمد علی درانی نے کہا کہ اس سے پہلے سینئر سٹیزنز کو جو مسائل درپیش تھے ہم نے ان کی خدمت کے لیے بھرپور کوشش کی انہوں نے کہا کہ یہ ہماری دنیاوی اور معاشرتی ذمہ داری ہے اور ہمارا اسلام بھی کہتا ہے کہ ہم اپنے بزرگوں کی خدمت کریں ان کو اف تک نہ کہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سے اپیل ہے کہ ہمارے سینئر سٹیزنز کی جو مسائل ہیں ان پر خصوصی توجہ دی جائے اور ان کے حل میں ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کریں تا کہ سینئر سٹیزنز کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل ہوں۔

بقیہ 16

انکار کرنے والے والدین اور خاندانوں سے بھی ملاقات کی اور انہیں پولیو کے قطروں کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے اپنے بچوں کو پولیو ویکسین پلانے پر قائل کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ انکاری خاندانوں کو بھی مؤثر انداز میں کور کیا جائے اور کسی بھی بچے کو پولیو کے قطروں سے محروم نہ رہنے دیا جائے۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے پولیو ٹیموں کو سو فیصد کوریج یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لیے تمام ٹیمیں اپنی ذمہ داریاں پوری ذمہ داری اور مؤثر انداز میں انجام دیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کوئی بھی بچہ پولیو کے قطروں سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ ذیشان لاشاری نے متعلقہ اداروں کو بھی ہدایت کی کہ انسداد پولیو کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں اور مہم کے دوران انکاری والدین کو قائل کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کی جائیں، تاکہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے مقررہ اہداف حاصل کیے جا سکیں۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ امیر حمزہ اور ڈپٹی ڈی ایچ او سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی ہمراہ تھے۔

بقیہ 17

اور کارروائی میں بہتری کے ساتھ وقت اور ایندھن کی بچت بھی ممکن ہوگی۔ حکام کے مطابق پولیس کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور دور دراز علاقوں میں پولیسنگ کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے جدید آلات اور ضروری وسائل کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ گاڑیوں کے ساتھ موٹر سائیکل گشت کو منظم اور مؤثر بنانے سے مختلف علاقوں میں پولیس کی موجودگی میں اضافہ ہوگا اور جرائم پیشہ و سماج دشمن عناصر کے خلاف فوری کارروائی میں مدد ملے گی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ان موٹر سائیکلوں کو موبائل گشت، فوری رسپانس اور فیلڈ پولیسنگ کے لیے استعمال کیا جائے گا جس سے شہری و گنجان آباد علاقوں کے ساتھ ساتھ دور دراز اور دشوار گزار مقامات پر بھی پولیس کی رسائی اور موجودگی کو مزید مؤثر اور ممکن بنایا جاسکے گا۔

بقیہ 18

سائیکلیں بند کیں۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر زرغون آباد پولیس نے اغواء کے مقدمے میں ملوث ملزم شہزاد جبکہ نامزد ملزمان فرمان، نعمان اور عرفان کو گرفتار کرلیا۔ جبکہ چیکنگ کے دوران 7 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور 17 موٹر سائیکلوں کو بغیر نمبر پلیٹ کے بند کیا۔ اس کے علاوہ تھانہ محمود الرحمٰن کے عملے نے شاہ زیب کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے چھینی گئی موٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلیا ملزم دیگر مقدمات میں ملوث ہے ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم عبدالفتاح کو گرفتار کر کے اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلیا جبکہ ملزم سیف اللہ کو گرفتار کرکے پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلیا۔ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر بازمحمد کو گرفتار کرلیا۔ اسی طرح جناح ٹاؤن پولیس نے منشیات فروش امجد خان 1 کلو 420 گرام چرس برآمد کرکے گرفتار کرلیا۔ جبکہ زنا کے مقدمے میں نامزد ملزم شہروز اور مفرور ملزم علی احمد کو گرفتار کرلیا گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 19

کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تمام متعلقہ محکمے اور ادارے اپنی کارروائیوں کا ہفتہ وار شیڈول مرتب کرکے تین روز کے اندر کمشنر آفس کے ساتھ شیئر کریں گے۔ موصول ہونے والے شیڈول کی روشنی میں ضلع انتظامیہ کے اسسٹنٹ کمشنرز کو ضروری ہدایات جاری کی جائیں گی تاکہ مختلف محکموں کی کارروائیوں میں باہمی ربط پیدا کرکے انہیں مؤثر اور منظم انداز میں انجام دیا جاسکے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ تمام متعلقہ محکمے سب ڈویژن کی سطح پر اپنا ایک فوکل پرسن مقرر کریں گے، جو اسسٹنٹ کمشنر کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہے گا۔ فوکل پرسنز کے ذریعے گرانفروشی، تجاوزات، ٹریفک کے مسائل، پلاسٹک بیگز کے خلاف کارروائی اور دیگر شہری مسائل کے حوالے سے مشترکہ کارروائیوں کو منظم کیا جائے گا۔ اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میر اللہ بادینی نے کہا کہ تمام محکمے اپنے متعلقہ قوانین اور دائرہ کار کے مطابق طے شدہ شیڈول کے تحت کارروائیاں کریں اور ان کارروائیوں کی نگرانی اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں کی جائے، تاکہ مختلف اداروں کے درمیان کوآرڈینیشن کو مزید مؤثر بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس کا بنیادی مقصد تمام متعلقہ اداروں کو ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مربوط انداز میں کام کرنے کے لیے ایک مؤثر نظام کے تحت لانا اور شہریوں کو بہتر سروس ڈیلیوری فراہم کرنا ہے۔ کوئٹہ شہر میں شہری مسائل کے حل کے لیے تمام محکموں کی مشترکہ اور بروقت کارروائیاں ضروری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ کوئٹہ کے تمام سب ڈویژنز میں متعلقہ ڈیپارٹمنٹس اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں اپنے طے شدہ شیڈول کے مطابق کارروائیاں کریں۔ تمام ادارے اپنی ہفتہ وار سرگرمیوں اور کارروائیوں کا باقاعدہ شیڈول تیار کرکے کمشنر آفس کے ساتھ شیئر کریں، جبکہ طے شدہ شیڈول کے مطابق کارروائیوں کو مؤثر بنانے کے لیے متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز نگرانی اور رابطہ کاری کا عمل یقینی بنائیں۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ شہری مسائل کے حل، قانون پر عملدرآمد، تجاوزات کے خاتمے، گرانفروشی کی روک تھام، ٹریفک کی بہتری اور ماحول کے تحفظ سمیت دیگر امور پر تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے کارروائیاں جاری رکھیں گے تاکہ کوئٹہ کے انتظامی امور اور سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔

بقیہ 20

کمشنر نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے مؤثر انداز میں فرائض انجام دیے جائیں انہوں نے کہا کہ فیلڈ مانیٹرنگ کو مزید مؤثر بنانے اور ٹیموں کی ذمہ دارانہ کارکردگی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ قومی انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لیے ہر اہل بچے تک رسائی اور ویکسینیشن یقینی بنانا ضروری ہے۔

بقیہ 21

والی بولیوں اور متعلقہ دستاویزات کا مقررہ طریقہ کار کے مطابق جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نے کہا کہ BSDI فیز III کے ترقیاتی منصوبے ضلع کی میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے اہم پیش رفت ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ منصوبوں پر عملدرآمد کے تمام مراحل میں شفافیت، میرٹ، معیار اور قواعد وضوابط کی مکمل پاسداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا

بقیہ 22

فروغ کیلئے جرمنی کے تعاون اور اسکے تعلیمی تجربات سے فائدہ اٹھانا انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید دور کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبے میں معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ فنی اور تکنیکی مہارتوں کے فروغ پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ نوجوانوں کیلئے روزگار کے بہتر مواقع کی خاطر پرائیویٹ سیکٹر کو مزید مستحکم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں جدید مہارتوں، ووکیشنل ٹریننگ اور مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ تعلیمی و تربیتی پروگرام اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے مختلف مواقعوں پر جرمن حکومت کی جانب سے فراہم کیے جانے والے تعاون اور امداد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے جرمن سرمایہ کاروں پر زور دیا کہ وہ بلوچستان میں بلیو اکانومی، فشریز، معدنیات اور زراعت سمیت مختلف شعبوں میں موجود سرمایہ کاری کے منافع مواقعوں سے استفادہ کریں۔ دونوں رہنماؤں نے ہائیر ایجوکیشن، ووکیشنل ٹریننگ، سولر انرجی اور دیگر جدید شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ جرمن سفیر انیا لیپل نے گورنر بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے جرمنی کے تعاون کو جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات کے اختتام پر جرمن سفیر انیا لیپل اور دیگر معزز مہمانوں کے اعزاز میں گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ظہرانہ بھی دیا گیا۔ ملاقات میں اعزازی قونصل جنرل میر مراد بلوچ، میرجم اریستا (Mirjam Arista)، پارلیمنٹیرینز میر شعیب نوشیروانی، محمد خان لہڑی، برکت رند، زرک خان مندوخیل، رسک سیمئل (Risk Samuel)، صوبائی سیکرٹری ہاشم خان غلزئی اور ولی خان مندوخیل بھی شریک تھے۔

بقیہ 23

کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور امن کی بحالی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، اجلاس میں ضلع کو منشیات سے پاک کرنے کے لیے افیون اور بھنگ کی غیر قانونی کاشت کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا فیصلہ بھی کیا گیا، ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے احکامات جاری کیے کہ ممنوعہ فصلیں اگانے والے کاشتکاروں کے خلاف فوری مقدمات درج کر کے قانونی کارروائی کی جائے اور علاقے میں موجود تمام غیر قانونی فصلوں کو فی الفور تلف کیا جائے، انہوں نے تاکید کی کہ کسی کو بھی قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا بلکہ سماج دشمن اور امن و امان میں خلل پیدا کرنے والے عناصر کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی جانب سے زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 24

کی لائنوں اور کنکشنز کا معائنہ کیا اور غیر قانونی طور پر پانی حاصل کرنے والے کنکشنز کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔ حکام کے مطابق غیر قانونی کنکشنز کے باعث پانی کی ترسیل کا نظام متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ قانونی صارفین کو بھی پانی کی فراہمی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اور محکمہ PHE کے افسران نے کہا کہ شہر میں پانی کی منصفانہ اور بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ سرکاری پانی کی لائنوں سے غیر قانونی طور پر کنکشن حاصل کرنے اور پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی حکام نے واضح کیا کہ پانی ایک بنیادی شہری ضرورت ہے اور اس کی منصفانہ تقسیم کے لیے سرکاری واٹر سپلائی نظام کو غیر قانونی کنکشنز سے پاک کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے متعلقہ ٹیموں کو ہدایت کی کہ شہر کے دیگر علاقوں میں بھی پانی کی لائنوں اور کنکشنز کی نگرانی جاری رکھی جائے اور غیر قانونی کنکشنز کی نشاندہی کی صورت میں قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی کہ پانی کے غیر قانونی کنکشنز سے مکمل طور پر گریز کریں، سرکاری پانی کی لائنوں کو نقصان نہ پہنچائیں اور پانی کے نظام میں کسی بھی غیر قانونی مداخلت سے اجتناب کریں۔ شہری کسی بھی غیر قانونی کنکشن کی نشاندہی متعلقہ حکام کو کریں تاکہ پانی کی منصفانہ فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ لورالائی شہر میں پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے، پانی کے ضیاع کو روکنے اور تمام علاقوں میں دستیاب پانی کی منصفانہ تقسیم کے لیے انتظامی اور محکمہ جاتی سطح پر مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 25

ایس ڈی او مظہر کھوسہ، ایس ڈی او عمر پھنار سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ چیف انجینئر بشیر احمد ناصر نے افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور متعلقہ افسران روزانہ کی بنیاد پر سائٹ کا دورہ کرکے کام کی نگرانی کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعمیراتی کام میں کسی قسم کی کمی، کوتاہی یا غیر معیاری میٹریل کا استعمال ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام جاری منصوبوں کو مقررہ معیار کے مطابق جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 26

تجاوزات کے خلاف متعلقہ حکام کو بار ہا زبانی اور تحریری طور پر آگاہ کیا جا چکا ہے۔ اس سلسلے میں کیو ڈی اے، اینکروچمنٹ کمشنر کوئٹہ ڈویژن، میٹروپولیٹن کارپوریشن، تھانہ شالکوٹ سمیت دیگر متعلقہ اداروں کو بھی متعدد مرتبہ درخواستیں دی جا چکی ہیں، مگر افسوس کہ آج تک کوئی مؤثر کارروائی نہیں کی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی کے فٹ پاتھوں پر غیر قانونی طور پر کھوکھے اور ہوٹل قائم کردیے گئے ہیں، جہاں مختلف اشیاء فروخت کی جارہی ہیں۔ بعض مقامات پر مضر صحت اشیاء کی فروخت اور منشیات فروشی کی شکایات بھی سامنے آتی رہی ہیں، جس کے باعث نہ صرف ٹرانسپورٹرز اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے بلکہ اڈے میں امن و امان، تخریب کاری اور دیگر ناخوشگوار حادثات کے خطرات میں بھی اضافہ ہورہا ہے۔ صوبائی صدر نے کہا کہ ناجائز تجاوزات کی وجہ سے ٹرک اڈہ ہزار گنجی میں پیدل چلنا بھی محال ہو چکا ہے جبکہ ٹرانسپورٹرز کے لیے گاڑیوں کی پارکنگ کی جگہ مسلسل کم ہوتی جارہی ہے۔ بھاری گاڑیاں، ٹرک، ٹریلر اور دیگر مال بردار گاڑیاں پارک کرنے کے لیے مناسب جگہ نہ ہونے کے باعث ٹریفک کے مسائل بھی پیدا ہو رہے ہیں۔ حاجی نور محمد شاہوانی نے حکومت بلوچستان اور تمام متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ شہر میں ناجائز تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کا دائرہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی تک بھی فوری طور پر بڑھایا جائے، فٹ پاتھوں پر قائم غیر قانونی کھوکھوں اور ہوٹلوں کو ختم کیا جائے، منشیات فروشی اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائی کی جائے اور ٹرانسپورٹرز کے لیے مناسب پارکنگ کی جگہ بحال کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہزار گنجی ٹرک اڈہ بلوچستان بھر کی مال بردار ٹرانسپورٹ کے لیے ایک اہم مرکز ہے، اس لیے یہاں تجاوزات کا خاتمہ صرف ٹرانسپورٹرز ہی نہیں بلکہ شہریوں، مسافروں اور پورے شہر کے مفاد میں ہے۔

بقیہ 27

انہوں نے اس بات کا بھی جائزہ لیا کہ طلبہ کو نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات میسر ہیں یا نہیں اس موقع پر کلسٹر بجٹ کے تحت سکولوں کو فراہم کیے گئے سامان، تعلیمی مواد اور دیگر وسائل کی دستیابی اور استعمال کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے سکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ کلسٹر بجٹ کے تحت فراہم کیے جانے والے تمام وسائل کو شفاف اور مؤثر انداز میں طلبہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کے لیے استعمال کیا جائے اسسٹنٹ کمشنر عبدالسلام شاہوانی نے کہا کہ معیاری تعلیم کے لیے اساتذہ کی باقاعدہ حاضری، مؤثر تدریسی عمل اور طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے سکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ اساتذہ اور طلبہ کی حاضری کو یقینی بنایا جائے اور تدریسی عمل میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی سے گریز کیا جائے انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری سکولوں میں دستیاب وسائل کو بہتر انداز میں بروئے کار لا کر طلبہ کو معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں، جبکہ سکولوں کو فراہم کیے گئے کلسٹر بجٹ اور دیگر وسائل کے استعمال میں مکمل شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنایا جائے اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ سرکاری تعلیمی اداروں کی کارکردگی اور تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے باقاعدگی سے نگرانی جاری رکھے گی اور سکولوں میں حاضری، نظم وضبط، تدریسی معیار اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں گے دورے کے اختتام پر متعلقہ سکول انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے، تدریسی سرگرمیوں کو مؤثر بنانے اور سرکاری وسائل کے درست استعمال کو یقینی بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 28

عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے مرغی کے گوشت کی قیمت 700 روپے سے کم کر کے 650 روپے فی کلو مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس فیصلے کا مقصد شہریوں کو اشیائے ضروریہ مناسب نرخوں پر فراہم کرنا اور مہنگائی کے اثرات کو کم کرنا ہے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایات کی روشنی میں شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی ترجیح ہے۔

بقیہ 29

وکوڑا کرکٹ کی مؤثر تلفی، بازاروں میں ٹریفک کی روانی اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے باقاعدہ کارروائی کی ہدایت کی۔ انہوں نے بازاروں کے مسلسل معائنے، زائد المیعاد اشیاء، جعلی ادویات کے خلاف کارروائی اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی مؤثر نگرانی پر بھی زور دیا۔ کمشنر مجیب الرحمٰن قمبرانی نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ عوامی سہولت اور سروس ڈیلیوری کو اولین ترجیح دیتے ہوئے تمام انتظامی و ترقیاتی امور پر مؤثر نگرانی اور بروقت عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 30

افسران کو ہدایت کی کہ غیر حاضر رہنے والے ملازمین کے خلاف بلا امتیاز محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے اور قواعد وضوابط کے مطابق ان کی تنخواہوں میں کٹوتی کو یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ اساتذہ کرام صرف نصابی تعلیم تک محدود نہ رہیں بلکہ طلبہ کی اخلاقی، سماجی اور عملی تربیت پر بھی خصوصی توجہ دیں تاکہ بچوں میں نظم وضبط، ذمہ داری، برداشت، مثبت سوچ اور معاشرتی اقدار کو فروغ دیا جا سکے انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ طلبہ کی تعلیمی استعداد اور صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے جدید تدریسی طریقہ کار اختیار کریں اور ہر بچے کی تعلیمی ضروریات پر انفرادی توجہ دیں ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ حکومت تعلیم کے شعبے میں بہتری اور تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کررہی ہے تاہم ان اقدامات کے ثمرات اسی صورت میں حاصل کیے جاسکتے ہیں جب اساتذہ اور محکمہ تعلیم کا عملہ اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری محنت اور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تعلیمی اداروں کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کی جائے اساتذہ کی حاضری کا ریکارڈ مرتب رکھا جائے اور تعلیمی سرگرمیوں کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں اجلاس میں تعلیمی اداروں کی مجموعی کارکردگی اور درپیش مسائل کا بھی جائزہ لیا گیا اور ان کے حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کی گئیں

بقیہ 31

کی دو بہنیں، بیٹا اور اس کی بیوی علیمہ خان کی بہن نورین اور اس کی بیٹی اور ان کا شوہر اور تحریک انصاف کے کئی ممبران پارلیمنٹ اور پارٹی ورکر اور کئی بے شمار وکلاء کی گرفتاریوں کے واقعے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے اس لحاظ سے اس بات کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ پنجاب اور ملک کے تمام جیلوں میں تحریک انصاف کے پارٹی کے لوگوں کی بھرمار نظر آرہی ہے اور یقیناً ہمارے ملک کی آج کی اس سیاسی صورتحال کی تصویر سارے دنیا میں ایک گونج پیدا کیا ہے اور دنیا کے لوگوں کیلئے اس حقیقت کو سمجھنا کتنا مشکل ہوتا ہوگا کہ پاکستان میں بظاہر آئین جمہوریت عدلیہ بھی موجود ہے ایک بڑی پارلیمنٹ بے شمار سیاسی جماعتوں کی موجودگی کے باوجود بھی ہر لحاظ سے سیاسی طور پر زیر عذاب ایک سیاسی پارٹی تحریک انصاف کو ایک پرامن مظاہرہ کرنا کتنا مشکل ہے۔

بقیہ 32

کر دیے گئے ہیں۔ اس اقدام کا مقصد عوام کو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حکومتی ریلیف اور اس کی حوالے سے جاری کیے گئے اقدامات سے آگاہ کرنا ہے تاکہ شہریوں کو پٹرولیم مصنوعات کی خریداری کے دوران حکومتی پالیسی اور ریلیف سے متعلق مکمل معلومات دستیاب رہیں۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مختلف پیٹرول پمپس پر بینرز کی تنصیب کے عمل کی نگرانی کی جارہی ہے، جبکہ متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ عوامی سہولت اور حکومتی احکامات پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو ریلیف کی فراہمی، شفافیت اور حکومتی اقدامات کی مؤثر تشہیر کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوامی مفاد کے اقدامات پر عملدرآمد میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 33

پھنسا دیا ہے، انہوں نے کہا کہ ملک میں آئین وقانون کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری اور عوام کے بنیادی حقوق کا تحفظ جمہوری نظام کی روح ہے، مگر بدقسمتی سے اقتدار کی کشمکش میں آئینی اصولوں کو مسلسل نظرانداز کیا جارہا ہے جس سے ریاستی اداروں پر عوام کا اعتماد متاثر اور سیاسی ومعاشی بحران مزید گہرا ہورہا ہے، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں نے کہا کہ ملک کسی فرد، خاندان یا مخصوص گروہ کی جاگیر نہیں بلکہ کروڑوں عوام کی امانت ہے، اس لیے ریاستی معاملات آئین کے مطابق چلائے جائیں اور عوام کے مینڈیٹ کا احترام کیا جائے، انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو وقتی مفادات کے بجائے قومی مفاد، آئین کی پاسداری اور جمہوری اقدار کے تحفظ کو مقدم رکھنا ہوگا، بصورت دیگر ملک میں سیاسی بے یقینی اور انتشار کے اثرات مزید سنگین ہوں گے، رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ تمام ادارے اپنی آئینی حدود میں رہتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں ادا کریں اور عوام کو درپیش مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی اور بنیادی سہولیات کے مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 34

ساتھ عوامی خدمت کرتے رہیں گے حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ عوام کے بنیادی مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں تعلیم، صحت، آبنوشی، سڑکوں، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری ترجیحات میں شامل ہے ان کا کہنا تھا کہ عوامی اعتماد ہمارے لیے سب سے بڑی طاقت ہے اور اسی اعتماد کو برقرار رکھتے ہوئے عوام کے مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے

بقیہ 35

بھجوا کر بے گناہ خواتین پر 9 مئی کا ڈرامہ رچایا گیا، موجودہ کرپٹ اور مسلط حکمرانوں کا دنیا کے ممالک میں حکومت کے خزانے میں اربوں ڈالر پڑے ہوئے ہیں اپنی نا اہلی اور کرپشن چھپانے کیلئے وہ صرف 9 مئی کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ عمران خان کی بہنوں کی گرفتاری قابل مذمت اور بوکھلاہٹ کا ثبوت ہے اس طرح کے اوچھے ہتھکنڈوں سے بانی پی ٹی آئی کے مشن کو روکنے میں ناکامی ہوگی عمران خان عوام کے دلوں کی دھڑکن ہے۔

بقیہ 36

کو مدنظر رکھتے ہوئے جانچ پڑتال کی جارہی ہے، جبکہ امیدواروں کے پیشہ ورانہ علم اور متعلقہ پوسٹ کے لیے اہلیت کا بھی جائزہ لیا جارہا ہے اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر مقبول احمد، پرنسپل میڈیکل کالج لورالائی ڈاکٹر محمد اکرم، ایم ایس سول ہسپتال لورالائی ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی، ایم ایس سول ہسپتال دکی ڈاکٹر جوہر خان، ڈاکٹر محمد نعیم اتمانخیل سمیت محکمہ صحت کے سینئر ڈاکٹرز اور متعلقہ حکام موجود تھے کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے انٹرویوز کے عمل کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت میں خالی آسامیوں پر بھرتیوں کا بنیادی مقصد اہل اور قابل افراد کو سامنے لا کر عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ امیدواروں کی اہلیت اور میرٹ کو اولین ترجیح دی جائے گی اور کسی بھی امیدوار کی حق تلفی نہیں ہونے دی جائے گی

بقیہ 37

ہے کہ مند میں کسٹمز انفورسمنٹ کی کارروائیوں کے بعد اہلکاروں کو دھمکیاں موصول ہورہی تھیں۔

بقیہ 38

ویکسین کے قطرے پلانے کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی علاقے یا بچے کا مہم سے رہ جانا قابل قبول نہیں ہوگا، اس لیے تمام ٹیمیں اپنے مقررہ علاقوں میں مکمل ذمہ داری اور محنت کے ساتھ خدمات انجام دیں انہوں نے فیلڈ ٹیموں کی مؤثر مانیٹرنگ پر زور دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ پولیو ٹیموں کی روزانہ کی بنیاد پر نگرانی کی جائے اور جہاں کوریج کم ہو یا بچے رہ گئے ہوں، وہاں فوری طور پر ری وزٹ اور خصوصی ٹیموں کے ذریعے رہ جانے والے بچوں کو ویکسین پلانے کا انتظام کیا جائے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے گھر گھر ویکسینیشن کے ساتھ ساتھ انکاری والدین، دور دراز علاقوں، نقل مکانی کرنے والے خاندانوں اور مشکل رسائی والے علاقوں پر خصوصی توجہ ضروری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فیلڈ میں ٹیموں کو درپیش مسائل فوری طور پر حل کیے جائیں تاکہ مہم کی رفتار متاثر نہ ہو انہوں نے مزید کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور بچوں کو مستقل معذوری سے دوچار کرنے والا مرض ہے، تاہم مؤثر ویکسینیشن کے ذریعے اس سے بچاؤ ممکن ہے۔ والدین اپنے پانچ سال تک کے بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں ڈپٹی کمشنر کلیم اللہ کاکڑ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران مانیٹرنگ، ڈیٹا کی درست رپورٹنگ، ٹیموں کی حاضری اور کوریج کے اعداد و شمار میں مکمل شفافیت برقرار رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ محض کاغذی کارروائی کے بجائے فیلڈ میں حقیقی کوریج کو ترجیح دی جائے تاکہ کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے اجلاس میں مختلف علاقوں اور یونین کونسلز کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا اور کمزور کارکردگی والے علاقوں میں مزید مؤثر اقدامات کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع شیرانی میں انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت، پولیو پروگرام اور تمام شراکت دار ادارے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کا محفوظ مستقبل ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور پولیو کے مکمل خاتمے تک یہ جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 39

صوبائی حکومت ٹیکس کا پیسہ اکٹھا نہیں کرسکتی؟ خیبر پختونخوا میں سرکاری وسائل عوام کے لئے ہیں، احتجاجوں کے لئے نہیں، ترقی ان کا مینڈیٹ نہیں، ان کا مینڈیٹ صرف قیدی کو رہا کرنا ہے، بیرسٹر گوہر کے پاس نہ فیصلہ کرنے کا اختیار ہے، نہ اس پر عمل درآمد کرنے کا اختیار ہے، نہیں معلوم فیصلہ سازی کا اختیار کس کے پاس ہے، پی ٹی آئی وہ جماعت ہے جو کبھی پرامن نہیں رہ سکتی، ایک دھرنے سے تاجروں کو 120 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے، سیاستدانوں کو اپنے رویوں میں نرمی لانا ہوگی، اختلاف عزت کے ساتھ کرنا ہوگا۔ منگل کو یہاں پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوہاٹ سے خیبر پختونخوا کے دورے کا آغاز کیا، خیبر پختونخوا غیور عوام کی دھرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوہاٹ واقعہ کے زخمیوں اور شہداء کے لواحقین سے ملاقات ہوئی، ان کے حوصلے بلند دیکھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ شہید پولیس کانسٹیبل فہیم اللہ کے والد نے اپنے بیٹے کی شہادت پر فخر کا اظہار کیا، پشاور پریس کلب کی دنیا میں منفرد حیثیت ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پشاور کے صحافیوں نے دہشت گردی کی جنگ میں بڑی قربانیاں دی ہیں، فرائض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے میڈیا ورکرز اور صحافیوں کا ڈیٹا بیس تیار کیا جائے، شہید اور دوران سروس وفات پانے والے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے لئے لائحہ عمل مرتب کیا جائے گا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ شہداء کے لواحقین پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پشاور کلب کی قومی بیانیہ کے حوالے سے متوازن پالیسی ہے، ہیلتھ انشورنس کا بھی پشاور کے صحافیوں کے لئے اجراء ضروری ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 9 مئی کو ریڈیو پاکستان پشاور کی نذر آتش کی جانے والی عمارت وزیر اعظم کی ہدایت پر مکمل طور پر فعال کردی گئی ہے۔

بقیہ 40

خارجہ سے ملاقاتیں کیں جن میں مشرق وسطی اور ایران کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ان ملاقاتوں میں مصر، ترکی، انڈونیشیا، اردن، پاکستان، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے وزرائے خارجہ کے درمیان تعاون اجلاس بھی شامل ہے۔ اسحاق ڈار نے اپنے ایکس اکاؤنٹ پر جاری بیان میں بتایا کہ نیویارک میں ان کی مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی اور سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں بھی ہوئی ہیں۔ سعودی عرب کے وزیر خارجہ سے ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ایک معاہدے پر دستخط بھی کیے گئے جس کے تحت دونوں ممالک کے درمیان سرکاری، خصوصی اور ڈپلومیٹک پاسپورٹ رکھنے والوں کے لیے ویزہ کی شرط ختم کردی گئی ہے۔ دوسری جانب پاکستان اور مصر کے وزرائے خارجہ کے درمیان ملاقات میں مشرق وسطی اور ایران کی موجودہ صورتحال سمیت علاقائی اور عالمی سطح پر ہونے والی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے تمام فریقین کی جانب سے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر مکمل عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیا۔ دوسری جانب ترکی کی وزارت خارجہ کی جانب سے بھی ایکس پر چند تصاویر جاری کی گئی ہیں جن میں مصر، ترکی، انڈونیشیا، اردن، پاکستان، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے وزرائے خارجہ کو دیکھا جا سکتا ہے۔ ان تصاویر کے ساتھ ترک وزارت خارجہ نے لکھا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر ان تمام ممالک کے وزرائے خارجہ کے درمیان تعاون اجلاس ہوا ہے۔ اس کے علاوہ ترکی، سعودی عرب، پاکستان اور مصر کے وزرائے خارجہ کا چھٹا اجلاس بھی نیویارک میں ہوا۔

بقیہ 41

ہوجائے گی، امریکا آج ماضی کے مقابلے میں بہت زیادہ طاقتور ہے، مستقبل پہلے سے بہت زیادہ روشن ہے، دنیا کی طاقتور ترین فوج ہے، امریکی سرحدیں پہلے کے مقابلے میں زیادہ محفوظ ہیں، کسی عالمی ادارے کو امریکی شہریوں کے خلاف کارروائی کی اجازت نہیں دیں گے اور امریکا اپنے شہریوں اور قومی مفادات کا ہر صورت دفاع کرے گا، امریکا اپنے فوجی اہلکاروں کو کسی بھی امریکا مخالف ٹریبونل کے نام نہاد اور نمائشی ٹرائلز کا نشانہ بننے کی ہرگز اجازت نہیں دے گا۔ منگل کو یہاں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ امریکا آج ماضی کے مقابلے میں بہت زیادہ طاقتور ہے، امریکا آگے بڑھ رہا ہے اور امریکا کا مستقبل پہلے سے بہت زیادہ روشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج امریکا میں دنیا کے کسی بھی ملک سے زیادہ سرمایہ کاری ہورہی ہے، امریکی فوج دنیا کی طاقتور ترین فوج ہے، آج امریکی سرحدیں پہلے کے مقابلے میں زیادہ محفوظ ہیں، امریکا میں آج 125 سال کے مقابلے میں قتل کی وارداتوں کی شرح کم ترین ہے۔

بقیہ 42

و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے نیویارک میں ملاقات ہوئی، اس موقع پر دونوں ملکوں نے معاہدے پر دستخط کیے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ باہمی مفاد میں برادر ملکوں کی شراکت داری بڑھے گی، مقصد اعلیٰ سطح روابط اور ادارہ جاتی تبادلوں کو مزید سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویزہ شرائط کے خاتمے سے دوطرفہ سرکاری سطح پر آمدورفت آسان ہوگی۔ ملاقات میں اعلیٰ سطح کے رابطوں اور باہمی مفاد کے علاقائی اور دوطرفہ امور پر قریبی تعاون جاری رکھنے کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے سعودی عرب کے ساتھ پاکستان کی مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس پر حالیہ حملوں کی مذمت کی۔ دونوں رہنماؤں نے مکہ مکرمہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے سے متعلقہ امور بارے تبادلہ خیال اور معاہدے کی رو سے تعاون کو مستحکم بنانے، علاقائی امن، استحکام اور سلامتی کو آگے بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 43

دو ہفتوں کی فوجی مشقیں شروع ہوئی ہیں اور آئی ایس پی آر کے مطابق مشترکہ فوجی مشقوں سے پاکستان، روس اور عمان کے درمیان دفاعی تعاون مزید مضبوط ہوگا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان روس مشترکہ فوجی مشق دروژبا-IX کا نواں ایڈیشن شروع ہوگیا، پاکستان روس مشترکہ مشق دروژبا-IX کا آغاز چراٹ میں ہوگیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان عمان مشترکہ فوجی مشق وشاق الجبل-II (ماؤنٹین فلکس-II) کا دوسرا ایڈیشن بھی شروع ہوگیا، پاکستان عمان مشترکہ مشق وشاق الجبل-II کا آغاز نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم سینٹر پبی میں ہوا، دونوں مشترکہ فوجی مشقیں دو ہفتوں پر مشتمل ہیں، مشقوں میں پاک فوج، روسی فوج اور رائل آرمی آف عمان کے دستے شریک ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مشترکہ مشقوں کا مقصد آپریشنل تجربات کا تبادلہ اور انسداد دہشت گردی کی مشقوں وطریقہ کار کو مزید بہتر بنانا ہے، مشترکہ تربیت اور بہترین عملی طریقوں کے تبادلے سے افواج کی جنگی مہارت اور حربی صلاحیتیں مزید بہتر ہوں گی، مشترکہ فوجی مشقوں سے پاکستان، روس اور عمان کے درمیان دفاعی تعاون مزید مضبوط ہوگا۔

بقیہ 44

کہ پاکستان تجارت، معیشت، سیاست، ثقافت اور سائنس میں مشترکہ تعاون کو مزید وسعت دینے کیلئے پر عزم ہے۔ واضح رہے کہ محسن نقوی کی ایرانی وزارت داخلہ آمد ہوئی، سکندر مومنی سے ملاقات ہوئی، پاک ایران دوطرفہ تعلقات اور خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، مختلف شعبوں میں جاری دوطرفہ تعاون پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ سکندر مومنی نے علاقائی امن واستحکام کیلئے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی کاوشوں پر شکریہ ادا کیا، انہوں نے کہا کہ خطے میں قیام امن کیلئے پاکستان کی مسلسل کاوشوں پر شکر گزار ہیں، پاکستان کا حالیہ دورہ بہت مفید رہا۔ محسن نقوی نے کہا تھا کہ آنے والے وقت میں دوطرفہ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔

بقیہ 45

آباد ہائیکورٹ کے 14 ستمبر کے فیصلے کی مبینہ خلاف ورزی ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ جنید اکبر کا بیان عدالتی فیصلے کی کھلم کھلا خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے، لہذا عدالت ان کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی شروع کرے۔ درخواست گزار نے موقف کی تائید میں سپریم کورٹ کے اس فیصلے کا حوالہ بھی دیا ہے جس میں نہال ہاشمی کو ایک ماہ قید اور 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی تھی۔

بقیہ 46

سینیٹ اور دیگر فورمز پر آواز اٹھائی گئی لیکن شنوائی نہیں ہوئی۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ سیاسی چیمپئن بتائیں کہ احتجاج کے علاوہ ان کے پاس اور کیا راستہ رہ جاتا ہے۔۔۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی جس میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، اپوزیشن جماعتوں کے باہمی تعاون اور آئندہ کے سیاسی لائحہ عمل پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے علیمہ خان، عظمیٰ خان اور نورین نیازی کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کی، سیاسی رہنماؤں وکارکنان کو ہراساں کرنے اور گرفتاریوں پر بھی شدید مذمت کا اظہار کیا۔

بقیہ 47

دائر پٹیشن ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ نے سماعت کیلئے منظور کرلی۔ ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ کے جسٹس صداقت علی خان نے پٹیشن پر سماعت کرتے ہوئے ہوم ڈیپارٹمنٹ، کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور سی پی او کو نوٹس جاری کردیئے۔ پٹیشن مرکزی انجمن تاجران کے رہنما احتشام الحق نے دائر کی، جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ کاروبار پہلے ہی تباہ ہیں، ایسے میں ہوٹلز کی غیر معینہ مدت تک بندش ناقابل قبول ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ ہوٹلز، موٹلز اور ریسٹ ہاؤسز کی غیر معینہ مدت تک بندش کو غیر قانونی قرار دیا جائے۔ پٹیشن میں موقف اپنایا گیا کہ انتظامیہ اور پولیس زبانی احکامات کے ذریعے ہوٹلز بند کرا رہی ہے۔ عدالت نے پٹیشن سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کردی۔

بقیہ 48

کے حوالے سے ہمدردی کا پیغام بھیجا۔ اپنے پیغام میں وانگ ای نے کہا کہ چین اس حملے کی شدید مذمت کرتا ہے، ہلاک ہونے والوں کے لواحقین کے ساتھ گہری تعزیت اور زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔ وانگ ای نے نشاندہی کی کہ چین ہر قسم کی دہشت گردی کی سختی سے مخالفت کرتا ہے اور ہمیشہ کی طرح دہشت گردی پر کاری ضرب لگانے اور قومی سلامتی اور استحکام کے تحفظ کیلئے پاکستان کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 49

، غزہ کی تعمیر نو اور حکمرانی کے انتظامات فلسطینی قیادت میں ہونے چاہئیں جن میں فلسطینی اتھارٹی کا مرکزی کردار ہو۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار منگل کو یہاں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر فلسطین سے متعلق او آئی سی کمیٹی آف سکس کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے او آئی سی کیلئے سیکرٹری جنرل کے لیے اتفاق رائے سے انتخاب پر اسماعیل شیخ محمد کو مبارکباد دی۔ انہوں نے فلسطینی عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کیا۔ انہوں نے غزہ اور مغربی کنارے کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور غزہ تنازعہ کے خاتمے کے جامع منصوبے پر عملدرآمد کو آگے بڑھانے کے لیے امریکا، مصر، قطر اور ترکیہ کی ثالثی کی کوششوں کو سراہا، جس کی توثیق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد 2803 کے ذریعے کی گئی ہے۔

بقیہ 50

6 دہشتگرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد گرفتار کیے گئے ہیں۔ کارروائی کے دوران دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کے ذریعے دہشتگرد عناصر کے خلاف اہم کامیابی حاصل کی ہے۔ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل قدر ہیں اور ریاستی ادارے ملک وقوم کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشتگرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔ بلوچستان میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 51

اداروں پر لاگو ہوگا، فیصلے کی توہین کرنے والا توہین عدالت کا مرتکب ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور اور وزیر آباد کی گلیوں سے ان کی طاقت کا اندازہ ہوگیا ہوگا، 26 نومبر اور 9 مئی بھی ان کی تاریخ کا حصہ ہیں، 25 مئی 2022 کو بھی مارچ ہوا تھا جس کا معاملہ سپریم کورٹ میں زیر التوا ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے 25 مئی 2022 کے واقعات سے لاعلمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ انہیں پتہ ہی نہیں چلا اور درختوں کو آگ لگائی گئی، وزیر داخلہ نے پریس کانفرنس میں انہیں ایسا نہ کرنے کی تلقین کی تھی۔ وزیر مملکت داخلہ نے کہا کہ پی ٹی آئی میں ایک مخصوص سوچ ہے کہ کسی سیاسی رہنما کو آگے نہیں آنے دینا۔

بقیہ 52

کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک آپریشن شعبان 2 جاری رکھا جائے گا۔ محمد شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان کے امن، سلامتی اور ترقی کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کو بھرپور قوت کے ساتھ ناکام بنایا جائے گا، جبکہ دہشت گردی کے خلاف سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیراعظم نے سیکورٹی فورسز کی قربانیوں اور خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور ملک کے دفاع اور امن کے لیے ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ دستیاب ریکارڈ کے مطابق بلوچستان میں آپریشن شعبان کے دوران ساران تنگی سمیت مختلف علاقوں میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں کی گئی ہیں۔ جولائی میں ساران تنگی کے علاقے میں بھی دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کی رپورٹ سامنے آئی تھی۔

بقیہ 53

صوبائی الیکشن کمشنر (الیکشنز) عبداللہ اور دیگر متعلقہ اداروں، بشمول نادرا، لوکل گورنمنٹ، میڈیا اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے افتتاحی کلمات میں صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان نے کمیٹی کے کردار، فرائض اور انتخابی عمل میں عوامی شمولیت کو مؤثر بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ شرکا نے انتخابی عمل میں زیادہ سے زیادہ عوامی شمولیت یقینی بنانے کے لیے جامع سفارشات پیش کیں۔ اس موقع پر خواتین، نوجوانوں اور معاشرے کے محروم طبقات کی مؤثر شمولیت، خواتین کے شناختی کارڈز کے اجرا اور ووٹر رجسٹریشن کے عمل کو مزید مؤثر بنانے سمیت مختلف امور پر بھی تجاویز پیش کی گئیں۔ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان نے تمام شرکا کی تجاویز اور فعال شرکت کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ موصول سفارشات کی روشنی میں ووٹر آگاہی اور انتخابی شمولیت کے فروغ کے لیے مزید مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 54

سے 25 کروڑ روپے کے سگریٹ غائب ہوگئے جس پر ایف آئی اے نے مقدمہ درج کرلیا۔ ایف آئی اے کی جانب سے درج ایف آئی آر میں ایف بی آر افسران اور سگریٹ کمپنی کے اہلکار کو نامزد کیا گیا ہے، ملزمان پر اختیارات کے ناجائز استعمال، غفلت اور ملی بھگت کے الزامات لگے ہیں۔ ایف آئی آر کے مطابق گودام میں اسٹاک رجسٹر، سی سی ٹی وی اور نقل وحرکت کا ریکارڈ دستیاب نہیں تھا، تفتیش میں مزید ایف بی آر افسران اور دیگر افراد کے کردار کا تعین کیا جائے گا۔

بقیہ 55

کیا کہ دہشت گردانہ حملوں اور امن و امان سے متعلق ناخوشگوار واقعات کے بارے میں مختلف سوشل میڈیا صفحات پر جھوٹی، من گھڑت اور سنسنی خیز خبریں بلا روک ٹوک صوبے اور ملک بھر میں پھیلائی جارہی ہیں، جو عوام میں خوف وہراس اور مایوسی کا باعث بن رہی ہیں۔ جس سے عیاں ہوتا ہے کہ متعلقہ ذمہ دار ادارے اس قسم کی مہم جوئی کی باقاعدہ نگرانی، روک تھام اور سنسر کرنے کے لیے مطلوبہ اقدامات نہیں کر رہے ہے، جس سے متعلقہ ذمہ دار اداروں کی کارکردگی اور امور کے طریقہ کار پر سوالیہ نشان لگ چکا ہے۔

بقیہ 56

ان خیالات کا اظہار کوپ 31 کے اجرا کے موقع پر کیا۔ انہوں نے پاکستان کی جانب سے ایجنڈے کی مکمل حمایت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایجنڈا پاکستان کی قومی موسمیاتی ترجیحات اور قومی سطح پر متعین کردہ شراکت این ڈی سی تھری سے ہم آہنگ ہے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے موسمیاتی تبدیلیوں سے پاکستان کی شدید حساسیت کو اجاگر کرتے ہوئے صاف توانائی اور بجلی کے استعمال میں توسیع، قابل تجدید توانائی کے فروغ، توانائی کے موثر استعمال پر مبنی عمارتوں، موسمیاتی تبدیلیوں سے محفوظ شہروں، موسمیاتی تعلیم وعوامی آگاہی، غذائی تحفظ اور موسمیاتی لحاظ سے مضبوط زراعت کو مشترکہ ترجیحات قرار دیا۔ وزیرخزانہ نے ای۔ ڈی سی کے وعدوں کو قابل سرمایہ کاری اور قابل مالی معاونت منصوبوں میں تبدیل کرنے کے لیے مجوزہ کلائمیٹ امپلیمنٹیشن برج کا خیرمقدم کیا۔ انہوں نے زور دیا کہ اب بنیادی چیلنج موسمیاتی منصوبوں کی تشکیل نہیں بلکہ ان پر موثر عملدرآمد ہے۔ انہوں نے ایکشن ایجنڈے میں واضح عملی اقدامات اور کارکردگی کے کلیدی اشاریوں کو سراہتے ہوئے اسے عملی، نتائج پر مبنی اور قابل پیمائش اثرات پر مرکوز قرار دیا۔

بقیہ 57

کے لیے جارہے تھے، ان کے ہمراہ ڈرائیور اور پولیس کانسٹیبل بھی موجود تھے۔ ایف آئی آر میں بتایا گیا کہ موٹر وے ٹول پلازا کے قریب مسلح افراد نے صوبائی وزیر، ڈرائیور اور کانسٹیبل کو گاڑی سے اتارا، سرکاری گاڑی کے ٹائروں پر فائرنگ بھی کی۔ ایف آئی آر میں بتایا کہ مسلح افراد صوبائی وزیر، ان کے ڈرائیور اور کانسٹیبل کو اسلحے سمیت نامعلوم مقام پر لے گئے، جبکہ سرکاری گاڑی ٹول پلازا کے قریب کھڑی ملی اس حوالے سے اسپیکر کے پی اسمبلی بابر سلیم سواتی نے آئی جی خیبر پختونخوا پر مس کنڈکٹ کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ مسلح نقاب پوشوں نے پولیس کی موجودگی میں صوبائی وزیر کو اٹھایا۔ دوسری جانب وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ سادہ کپڑوں میں جب بھی کوئی کسی کو اٹھائے گا تو رد عمل تو آئے گا فضل شکور پر حملے کی ویڈیو موجود ہے، گورنر راج لگانا ہے تو لگا دیں۔ واضح رہے کہ صوبائی وزیر کے مبینہ اغوا کا واقعہ گزشتہ روز موٹروے ٹول پلازا کے قریب پیش آیا تھا۔

بقیہ 58

نیویارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر ہوئی، پاکستان اور مصر کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ پاکستان اور مصر نے تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا، تعلیم، ثقافتی روابط اور عوامی سطح پر رابطوں کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ کا علاقائی و عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں وزرائے خارجہ نے مشرق وسطیٰ اور ایران کی صورتحال پر بھی گفتگو کی، علاقائی چیلنجز کے حل کے لئے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ تمام فریق اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں، ریجنل فریم ورک کے تحت مشاورت جاری رکھنے کی اہمیت پر اتفاق کیا گیا۔ پاکستان اور مصر نے باہمی دلچسپی کے امور پر رابطہ اور تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لئے بین الاقوامی تعاون اور مؤثر کثیر الجہتی نظام کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ 59

فون، ای میل اور واٹس ایپ پر دستیابی لازمی قرار دے دی گئی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ گھر سے کام کرنے والے ملازمین کو ضرورت پڑنے پر ایک گھنٹے کے نوٹس پر دفتر پہنچنا ہوگا، گھر سے کام کرنے والے 50 فیصد ملازمین ڈائٹ الاؤنس اور اوور ٹائم چارجز کے حقدار نہیں ہوں گے۔ اعلامیے کے مطابق سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کردی گئی ہے اور یہ اقدام تین ماہ کے لیے ہوگا جب کہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں تمام اقسام کی پائیدار اشیا کی خریداری پر پابندی عائد کی گئی ہے تاہم آئی ٹی سامان خریداری پر پابندی سے مستثنیٰ ہے۔ اعلامیے کے مطابق 3 ماہ کے لیے غیر ملکی دوروں اور سرکاری سفری اخراجات پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے، بین الاقوامی ترقیاتی شراکت داروں کی اسکالرشپس، مخصوص تربیتی پروگرام سفری پابندی سے مستثنیٰ ہوں گے جب کہ غیر ملکی وفود کے علاوہ سرکاری عشائیوں کے انعقاد پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ حکومت کی جانب سے فنڈڈ سرکاری سیمینارز، تربیتی پروگرامز اور کانفرنسز پر پابندی لگائی گئی ہے، ناگزیر سرکاری تقریبات کے لیے آڈیٹوریم، کمیٹی رومز اور دیگر سرکاری سہولیات استعمال کرنے کی ہدایت ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں اخراجات کم کرنے کے لیے پیپر لیس ورکنگ ماحول اپنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے اضافی کفایت شعاری اقدامات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔

بقیہ 60

شناخت ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق دھماکے کے مرکز کا تعین کر کے دھماکا خیز مواد کی نوعیت اور مقدار کا جائزہ لیا گیا، دھماکے کے گڑھے کا ظاہری قطر 6.6 فٹ بائی 11 فٹ اور گہرائی 4.6 فٹ تھی۔ دھماکا خیز مواد کی مجموعی مقدار 869 کلوگرام تھی، دھماکے میں استعمال ہونے والی گاڑی کی ابتدائی شناخت بھی ہوگئی، اسپیشل برانچ کی عمارت کے اندر سے غیر پھٹا ہوا دھماکا خیز مواد برآمد ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق گراؤنڈ فلور سے 2 آئی ای ڈیز برآمد ہوئیں جبکہ پہلی منزل سے خودکش جیکٹ برآمد ہوئی، خودکش جیکٹ میں 4 آئی ای ڈیز نصب تھیں، کلیئرنس آپریشن کے بعد علاقہ محفوظ اور کنٹرولڈ قرار دیا گیا۔ دھماکے کے بعد حملہ آوروں نے پرانی پولیس لائنز میں داخل ہو کر حملہ کیا، حملہ آور اسپیشل برانچ بلاک میں مضبوط مورچہ زن ہوئے۔ دھماکے میں استعمال ہونے والی گاڑی کی ابتدائی شناخت ہوگئی، دھماکے میں انتہائی طاقتور دھماکا خیز مواد استعمال کیا گیا، اسپیشل برانچ عمارت کے اندر سے نہ پھٹنے والا دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا گیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ گراؤنڈ فلور سے 2 آئی ای ڈیز برآمد ہوئیں، پہلی منزل سے خودکش جیکٹ برآمد ہوئی، خودکش جیکٹ میں 4 آئی ای ڈیز نصب تھیں۔ کلیئرنس آپریشن کے بعد علاقہ محفوظ اور کنٹرولڈ قرار دیا گیا، دھماکے کے بعد حملہ آور اور پرانا پولیس لائنز کوہاٹ میں داخل ہوئے، حملہ آوروں نے اسپیشل برانچ بلاک میں مضبوط مورچہ قائم کیا۔ خیال رہے کہ 18 ستمبر کو پرانا پولیس لائنز کوہاٹ میں دھماکا ہوا تھا۔

بقیہ 61

لے جانے والوں میں 17 غیر ملکی بھی شامل ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ کال سینٹر سے غیر اخلاقی ایپلیکیشن اور بھارت، برازیل سے فنانشل اسکیم کے بھی شواہد ملے ہیں۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق کال سینٹر سیل کر کے تمام ڈیٹا اور گیجٹ قبضے میں لے لیے ہیں۔ ترجمان این سی سی آئی اے کا کہنا ہے کہ ملک بھر میں تمام غیر قانونی کال سینٹر کے خلاف کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 62

معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کسٹمز رولز 2001 میں مزید ترامیم کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے جس میں بتایا گیا کہ نیلامی میں شامل اشیا بولی کی تاریخ سے قبل متعلقہ کلکٹر کی منظور شدہ ٹائم لائن کے مطابق بولی دہندگان کے معائنے کے لیے دستیاب ہوں گی جبکہ کامیاب بولی دہندہ اس امر کا حلف نامہ دے گا کہ اس نے جن اشیا کے لیے بولی دی ہے ان کا معائنہ کرلیا ہے۔ اس مقصد کے لیے اپنڈکس اے میں مقررہ فارم بھی متعارف کرایا گیا ہے مزید برآں کلکٹر کے فیصلے سے متاثرہ کوئی بھی بولی دہندہ ایسے فیصلے کے 15 دن کے اندر متعلقہ چیف کلکٹر کے سامنے اپیل دائر کر سکے گا۔ چیف کلکٹر فریق کو سماعت کا موقع دینے کے بعد اپیل دائر ہونے کے 60 دن کے اندر فیصلہ کرے گا۔ ایف بی آر نے یہ ترامیم کسٹمز ایکٹ 1969، سیلز ٹیکس ایکٹ 1990، وفاقی ایکسائز ایکٹ 2005 اور انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے کی ہیں جبکہ ترامیم کو پہلے ایس آر او 1158(1)/2026 مورخہ 10 ستمبر 2026 کے ذریعے شائع کیا گیا تھا اور اب ایس آر او 1631(1)/2026 کے ذریعے مزید ترامیم کی گئی ہیں۔

بقیہ 63

سیاسی امور شاہد رند کے مطابق سیکورٹی فورسز نے ساران تنگی میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر شعبان 2 کے تحت کارروائی کی، جس میں 6 دہشتگرد مارے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا جبکہ 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں بدستور جاری ہیں اور دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن واستحکام کے لیے سیکورٹی فورسز پوری طرح متحرک ہیں۔

بقیہ 64

لیے مذاکرات دو ہفتے جاری رہیں گے۔ آئی ایم ایف کے مشن کو جون تک کی معاشی سرگرمیوں پر بریفنگ دی جائے گی جبکہ آئی ایم ایف سے اسٹرکچرل بینچ مارکس کے تحت اہداف پر بھی بات ہوگی، پاکستان معاشی اصلاحات کے اہداف پر آئی ایم ایف سے مذاکرات کرے گا۔ مذاکرات میں توانائی کے شعبے میں اصلاحات پر بھی بات چیت ہوگی جبکہ بجلی اور گیس کے شعبوں کے سرکلر ڈیٹ سے متعلق اہداف زیر بحث آئیں گے۔ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کامیاب ہونے پر پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے۔ ای ایف ایف کی پانچویں قسط میں تقریباً ایک ارب ڈالر اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے پاکستان کو 20 کروڑ ڈالر ملنے کا امکان ہے۔ پاکستان نے 37 ماہ کا آئی ایم ایف پروگرام ستمبر 2024 میں حاصل کیا تھا، ای ایف ایف پروگرام کی پہلی ایک ارب ڈالر کی قسط ستمبر 2024 میں ملی، پاکستان کو ایک ارب ڈالر کی دوسری قسط مئی 2025 میں موصول ہوئی تھی جبکہ تیسری قسط 11 دسمبر 2025 کو موصول ہوئی تھی۔

بقیہ 65

بلوچستان سے رپورٹ طلب کرلی ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انسداد پولیو ٹیموں کی سیکورٹی پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے۔ شہید پولیس اہلکار اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے ہوئے جانوں کا نذرانہ پیش کرگئے، ان کی قربانی کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے فرائض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جس پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ واقعے کے محرکات اور اس میں ملوث عناصر کا تعین کرنے کے لیے پولیس کی جانب سے تحقیقات جاری ہیں۔ متعلقہ ادارے واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے رہے ہیں اور تحقیقات کی روشنی میں مزید حقائق سامنے آئیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انسداد پولیو مہم بچوں کو ایک خطرناک بیماری سے محفوظ رکھنے کی قومی کاوش ہے، اس مہم سے وابستہ ٹیموں کی حفاظت انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 66

اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں سے آگاہ کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے افسران اور جوانوں کے بلند حوصلے، تیاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور ملک اور عوام کے تحفظ کے لیے افسران و جوانوں کی ثابت قدمی کو سراہا۔ فیلڈ مارشل نے فارمیشنز کو ہر وقت چوکس رہنے اور اعلیٰ ترین آپریشنل تیاری برقرار رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مسلح افواج قوم کی غیر متزلزل حمایت سے دہشت گردی کو شکست دینے کے عزم پر قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں دیرپا امن اور استحکام کے قیام کے لیے مسلح افواج پرعزم ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے یادگار شہداء پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ پشاور آمد پر کور کمانڈر پشاور نے چیف آف ڈیفنس فورسز کا استقبال کیا۔

بقیہ 67

سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مالی شمولیت کے لیے صرف ٹیکنالوجی نہیں، موثر نظام اور قواعد بھی ضروری ہیں، دنیا میں 1.3 ارب نوجوان اب بھی مالیاتی نظام سے باہر ہیں جبکہ مالیاتی نظام سے باہر تقریباً 90 کروڑ افراد کے پاس موبائل فون موجود ہیں۔ چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی نے کہا کہ پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کے لیے واضح ریگولیٹری فریم ورک قائم کردیا گیا ہے۔ بلال بن ثاقب نے کہا کہ پاکستان میں ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کرچکی ہے، پاکستان ٹیکنالوجی کا صرف صارف نہیں، اسے بنانے والا بھی بننا چاہتا ہے، غربت اور بے روزگاری کے خاتمے کے لیے آج کی ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانا ہوگا۔

بقیہ 68

ہماری شٹر ڈاؤن ہڑتال کی وجہ سے حکومت پر دباؤ پڑا، حکومت کو پٹرول قیمتیں کم کرنے کیلئے مختلف تجاویز دیں لیکن حکومت نے کہا آئی ایم ایف کے پروگرام میں ہیں لیوی کم نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مارچ سے پہلے وزرا سے ملاقاتوں کے تین سے چار دور ہوئے، حکومت کی جانب سے دیا گیا ریلیف ناکافی ہے، ہم لانگ مارچ اور احتجاجی تحریک سے دستبردار نہیں ہوں گے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے ہم سے مارچ موخر کرنے کی درخواست کی اور کہا کہ وطن واپس آ کر ہم سے ملاقات کریں گے اور پیٹرولیم لیوی کے معاملے پر بات کریں گے، طویل مشاورت کے بعد ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ وزیراعظم جب پاکستان آئیں گے تو ان سے بات ضرور کریں گے لیکن اپنی تحریک سے دستبردار نہیں ہوں گے، حکومت سے تحریری یقین دہانی لیں گے۔

بقیہ 69

4.9 ریکارڈ کی گئی، زیر زمین زلزلے کی گہرائی 196 کلومیٹر ریکارڈ ہوئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز ہندوکش ریجن افغانستان تھا۔

بقیہ 70

16 ستمبر تک کی سرگرمیوں کا ریکارڈ شامل کر کے گرفتاری کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ فہرست میں شامل کارکنان دفعہ 144 کے نفاذ کے باوجود ریلی کی سہولت کاری اور کارنر میٹنگز کرتے رہے جبکہ 27 ستمبر اسلام آباد دھرنے کی منصوبہ بندی بھی کی جاتی رہی۔ سیاسی جماعت کے کارکنان کی 32 گاڑیاں دفعہ ایک سو چوالیس کی خلاف ورزی کیلئے استعمال ہوتی رہیں، کارکنان کو گرفتار کیا جائے گا اور گاڑیاں ٹریس کرکے بند کی جائیں گی۔

بقیہ 71

کے رکن صوبائی اسمبلی فضل الٰہی اور رکن قومی اسمبلی اقبال آفریدی کی جانب سے دیے گئے بیانات میں وفاق پر سیاسی دباؤ بڑھانے کے لیے توانائی کے وسائل کو استعمال کرنے کی بات کی گئی ہے، جس پر مختلف حلقوں نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ پی ٹی آئی کے ایم پی اے فضل الٰہی اور ایم این اے اقبال آفریدی نے ایک ویڈیو بیان میں 27 ستمبر کو تربیلا اور ورسک ڈیم سے بجلی کی فراہمی روکنے کی دھمکی دی۔ دونوں رہنماؤں کے بیانات کے بعد اس اقدام کے ممکنہ اثرات اور سیاسی و انتظامی مضمرات پر سوالات اٹھائے گئے ہیں۔

بقیہ 72

روڈ سے اولڈ ایئرپورٹ تک 8 مختلف مقامات پر خصوصی پولیس پکٹس قائم کردی گئیں، ایم ایچ چوک، ٹی ایم فلیش مین چوک اور صدر میٹرو اسٹیشن پر پولیس پکٹس قائم کی گئی جبکہ ٹی اینڈ ٹی چوک، ارے بازار روڈ، 22 نمبر چونگی اور شالیمار چوک معرکہ حق اسکوائر پر بھی پکٹس قائم کردی گئی۔ پولیس پکٹس پر 12، 12 گھنٹوں کی دو شفٹوں میں 24 گھنٹے اہلکار تعینات کیے گئے۔ راولپنڈی ریڈ زون کو 4 سیکٹرز میں تقسیم کرکے 24 گھنٹے مسلسل موبائل پولیس گشت کا بھی انتظام کیا گیا۔ پولیس کے ساتھ ایلیٹ کمانڈوز بھی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور ہیں، مال روڈ سے اولڈ ایئرپورٹ تک بھی اہم مقامات پر سیکیورٹی بڑھا دی گئی۔ ڈولفن فورس کو بھی مخصوص علاقوں میں 24 گھنٹے پٹرولنگ کی ذمہ داریاں سونپ دی گئیں۔ پولیس پکٹس اور پٹرولنگ پر تعینات اہلکاروں کو ڈیوٹی پر مستعد رہنے کی ہدایت کی گئی۔ ریڈ زون کی سیکیورٹی کی نگرانی ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کریں گے، کمانڈ اینڈ کنٹرول کی ذمہ داری سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا خود سرانجام دے رہے ہیں۔

بقیہ 73

سیٹلائٹ معلومات اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق تمام قومی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور ڈیٹا شیئرنگ ناگزیر ہے تاکہ موسمیاتی خطرات سے بروقت نمٹا جا سکے۔ وہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے، جس کی صدارت سینیٹر شیری رحمان نے کی۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں کو ایک مربوط نظام کے تحت لانے کے لیے وزیراعظم نے وزیر دفاع کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایک ایسے نظام پر کام کر رہی ہے جس کے تحت متعلقہ ادارے ایک دوسرے سے ڈیٹا طلب کرنے کے بجائے قانوناً اور خودکار طریقے سے معلومات شیئر کریں۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ مختلف اداروں کے درمیان ڈیٹا کے تبادلے کے لیے ایک ورچوئل پلیٹ فارم بھی قائم کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 74

معاملے پر پاکستانی حکام سے رابطہ کیا ہے۔ اسٹیفن دوجارک نے جون میں امریکا اور ایران کے درمیان طے پانے والے اسلام آباد مفاہمتی معاہدے میں پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے اسے ایک اہم کامیابی قرار دیا۔ اقوام متحدہ کے مطابق پاکستان سمیت دیگر علاقائی ممالک نے اس وقت مذاکراتی عمل میں کردار ادا کیا تھا۔ اقوام متحدہ کے ترجمان نے کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوبارہ آغاز جنگ کے خاتمے کی جانب پیش رفت میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے فریقین پر زور دیا کہ تنازع کے حل کیلئے سفارت کاری اور بات چیت کا راستہ اختیار کیا جائے۔ اقوام متحدہ اس سے قبل بھی امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور مذاکراتی عمل کی حمایت کرچکا ہے۔ عالمی ادارے کے مطابق موجودہ بحران کا پائیدار حل بامعنی مذاکرات اور سفارتی کوششوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

بقیہ 75

لیے لڑی جانے والی اس جنگ میں 'معرکہ ڈوگرائی' کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ پاک آرمی کی پنجاب رجمنٹ سے تعلق رکھنے والی ایک مایہ ناز یونٹ نے 106 شہیدوں کے خون سے دشمن کا لاہور پر قبضے کا خواب چکنا چور کیا۔ اس رجمنٹ نے دشمن کے 18 حملوں کو صرف دو کمپنیوں کی مدد سے پسپا کیا۔ 106 شہیدوں کی قربانی پاکستان کے عزم اور حوصلے کی عظیم مثال ہے۔ لاہور چھاؤنی میں واقع ان شہداء کی یادگار گنج شہیداں کے نام سے موجود ہے۔ ہر سال 22 ستمبر کو وطن کی خاطر جان قربان کرنے والے ان بہادر سپوتوں کو خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے۔

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری لیاقت بازار میں صفائی ستھرائی کی صورتحال اور ٹریفک کے نظام کا معائنہ کر رہے ہیں

پولیو ورکرز اور حفاظتی اہلکاروں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، امیر حمزہ زہری

نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم پر حملے کی مذمت، پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ کا اظہار

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما و صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک بیان میں نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ انسداد پولیو ٹیم پر حملہ بلوچستان کے مستقبل کے معماروں کی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ورکرز اور ان کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر بچوں کو معذوری سے بچانے کے لیے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

Gwadar Port Authority
گوادر پورٹ اتھارٹی

جامعہ گوادر کے مینجمنٹ سائنسز ڈیپارٹمنٹ کے طلبہ کا گوادر اتھارٹی کا مطالعاتی دورہ، بندرگاہی امور، مالیاتی نظم و نسق اور اسٹریٹجک مینجمنٹ کے عملی پہلوؤں پر بریفنگ دے رہے ہیں

دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی، شاہد رند

بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے لیے ریاستی ادارے پوری طرح متحرک ہیں

کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، جبکہ 9 مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر مزید تفتیش کا عمل جاری ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، ساران تنگی کے علاقے میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے دوران فتنۃ الہندوستان کے 6 دہشتگرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے آپریشن شعبان 2 کے تحت دہشتگرد عناصر کے خلاف موثر کارروائی کرتے ہوئے اہم کامیابی حاصل کی۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی، جس کے دوران فتنۃ الہندوستان سے وابستہ 6 دہشتگرد ہلاک ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

حکومت اور پولیس شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے، شاہد رند

پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں پولیو مہم کی ٹیم پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے واقعے میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے شاہد رند نے کہا کہ پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے۔ فرائض کی انجام دہی کے دوران پولیس اہلکاروں کی شہادت پر دلی رنج ہے انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

تعلیمی وظائف کی فراہمی میں میرٹ، شفافیت اور مستحق طلبہ تک رسائی کو اہمیت دی جائے، ڈاکٹر مالک بلوچ

سابق وزیر اعلیٰ کا بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہیں ادارے کی مجموعی کارکردگی، جاری تعلیمی اقدامات اور مختلف اسکالرشپ اسکیمز کے حوالے سے تفصیلی آگاہی دی گئی

بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ صوبے کے باصلاحیت، مستحق اور میرٹ پر پورا اترنے والے طلبہ و طالبات کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے مختلف اسکالرشپ پروگرامز پر عملدرآمد کر رہا ہے، بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہیں ادارے کی مجموعی کارکردگی، جاری تعلیمی اقدامات اور مختلف اسکالرشپ اسکیمز کے حوالے سے تفصیلی آگاہی دی گئی۔ اس موقع پر بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد مانڈائی نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا استقبال کیا اور انہیں ادارے کے مختلف امور، اسکالرشپ پروگرامز اور طلبہ و طالبات کی تعلیمی معاونت کے لیے جاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہیں بتایا گیا کہ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ صوبے کے باصلاحیت، مستحق اور میرٹ پر پورا اترنے والے طلبہ و طالبات کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے مختلف اسکالرشپ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

نوشکی میں پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر فائرنگ، 2 پولیس اہلکار جاں بحق، حملہ آور فرار

جمال آباد میں پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور اہلکار نشانہ بن گئے، سرکاری اسلحہ بھی چھین لیا گیا

نوشکی (آئی این پی) کلی جمال آباد کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار محمد یاسر اور عبدالروف جاں بحق ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کے بعد مسلح افراد جاں بحق اہلکاروں کا سرکاری اسلحہ بھی اپنے ساتھ لے گئے اور موقع سے فرار ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کر دی، جبکہ واقعے کے دیگر پہلوؤں کی تحقیقات بھی جاری ہیں۔

نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مشکاف کے نوجوان نوروز خان بنگلزئی جاں بحق

ڈھاڈر (آن لائن) ڈھاڈر کے علاقے میں نامعلوم افراد نے شکار پر جانے والے افراد پر فائرنگ کردی 2 نوجوانوں کو قتل (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

غیر ریاستی عناصر پولیو مہم اور قیامِ امن کی کوششوں کو سبوتاژ نہیں کر سکتے، میر محمد صادق عمرانی

بلوچستان میں تخریبی کارروائیوں کے ذریعے قیامِ امن کے لیے جاری کوششوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے ضلع نوشکی کے علاقہ جمال آباد میں انسداد پولیو مہم کی ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک مذمتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ غیر ریاستی عناصر تخریبی کارروائیوں کے ذریعے پولیو جیسے موذی مرض سے معصوم بچوں کو بچانے کے لیے جاری حکومتی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں وہ اپنے مذموم مقاصد میں (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

نوشکی، پولیس انسپکٹر ایس ایچ او میر مانداخان مانڈائی مبینہ طور پر اغوا

نوشکی (آن لائن) پولیس انسپکٹر ایس ایچ او میر ماندا خان مانڈائی مبینہ طور پر اغوا ایس ایچ او لیول تھانہ میر ماندا خان مانڈائی کو (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

پولیو مہم ہر صورت جاری رہے گی، صوبائی وزیر

نور محمد دمڑ کا نوشکی میں پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر حملے کی شدید مذمت

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر خوراک بلوچستان حاجی نور محمد خان دمڑ نے ضلع نوشکی میں پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر مامور اہلکاروں پر ہونے والے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ پولیو ورکرز اور ان کی حفاظت پر مامور سکیورٹی جوان ہمارے بچوں کے محفوظ اور صحت مند مستقبل کے لیے اپنی جانوں پر کھیل کر فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ ان پر حملہ دراصل پوری قوم کے مستقبل پر حملہ ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند فرمائے، زخمی اہلکاروں کو جلد (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

Home Department

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی بذریعہ ویڈیو لنک صدارت کر رہے ہیں

نصیر آباد، صحبت پور اور جعفر آباد فائرنگ کے مختلف واقعات

ڈاکٹر ہلاک ایک صحافی سمیت آٹھ افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد، صحبت پور اور جعفر آباد فائرنگ کے مختلف واقعات ایک ڈاکٹر ہلاک ایک صحافی اور ڈاکٹر سمیت آٹھ افراد زخمی ہو گئے پولیس نے چار افراد کو حراست میں لے لیا جبکہ باقی ملزمان فرار زخمی ہسپتال منتقل کر دیے گئے پولیس کے مطابق نصیر آباد کے علاقے پولیس تھانہ صدر ڈیرہ مراد جمالی کی حدود کچی پل بیدار کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے مقامی ڈاکٹر غلام حسین بلیدی کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس کے مطابق واقعہ اس وقت پیش ایا جب ڈاکٹر منجھو شوری سے اپنی کلینک سے واپس ڈیرہ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

ملک میں قتل و غارت گری افسوسناک ہے، مولانا محمد شفیق دولتزئی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت (س) کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولتزئی نے ملک میں قتل و غارت گری پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ خیبر پختونخوا کے کوہاٹ اور ہنگو میں ملک دشمن عناصر معصوم لوگوں کو نشانہ بنا کر قتل و غارت گری کے ذریعے بے گناہ معصوم لوگوں کے جانوں سے کھیل رہے ہیں جو کہ قابل مذمت ہے جس میں پولیس اور پاک فوج کے آفیسران، اہلکار اور لوگ شہید ہوئے۔ بلوچستان میں بھی بے گناہ لوگوں کو آئے روز (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

محکمہ صحت اور یونیورسٹی آف اوسلو کے ایچ آئی ایس پی سینٹر میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط

ڈی ایچ آئی ایس ٹو کے نفاذ، صحت کی ڈیجیٹلائزیشن، تحقیق اور مصنوعی ذہانت میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ نظام کو مزید مستحکم بنانے، ڈی ایچ آئی ایس ٹو کے موثر نفاذ، مقامی اختراعات، تحقیق اور تکنیکی استعداد کار کے فروغ کے لیے محکمہ صحت، حکومتِ بلوچستان اور ناروے کی ممتاز یونیورسٹی آف اوسلو کے ایچ آئی ایس پی سینٹر کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیے گئے مفاہمتی یادداشت پر بلوچستان ہیلتھ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (بی ایچ ایم آئی ایس/ ڈی ایچ آئی ایس ٹو) کی جانب سے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر ابابگر بلوچ اور یونیورسٹی آف اوسلو کے ایچ آئی ایس پی سینٹر کی جانب سے پروفیسر ڈاکٹر کرسٹن برا نے دستخط کیے۔ یہ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

کمشنر کوئٹہ کا مری آباد کا دورہ، پولیو ٹیموں کی کارکردگی اور فیلڈ سرگرمیوں کا جائزہ لیا

انکاری خاندانوں کو قائل کرنے کیلئے بھرپور کوشش کی جائے، ذیشان لاشاری

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے انسدادِ پولیو مہم کے دوران مری آباد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے پولیو ٹیموں کی کارکردگی، فیلڈ سرگرمیوں اور مانیٹرنگ کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے مختلف پولیو ٹیموں سے ملاقات کی اور مہم کے دوران جاری فیلڈ سرگرمیوں، بچوں کی کوریج اور ٹیموں کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ لی۔ انہوں نے پولیو ٹیموں کی جانب سے مرتب کی جانے والی ایکسل شیٹس کا بھی جائزہ لیا اور بچوں کے فنگر مارکس اور گھروں پر لگائے گئے ہاؤس مارکس چیک کیے۔ کمشنر ذیشان لاشاری نے پولیو سے (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

بلوچستان بھر میں سینئر سٹیزنز کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے، احمد علی درانی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین بلوچستان سینئر سٹیزن کونسل احمد علی درانی نے کہا ہے کہ بلوچستان بھر میں سینئر سٹیزنز کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے سینئر سٹیزنز کو جو مسائل درپیش ہیں ان کے مسائل کو حل کرنے کے لیے تمام تر ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینئر سٹیزن سے متعلق ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی سیکرٹری لا عبدالمنان کاکڑ و ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عبدالعلی، ڈائریکٹر جنرل ریٹائرڈ ایگریکلچر (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

لواحقین کوٹہ پر بھرتیاں میرٹ کے مطابق مکمل کی جائیں گی، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات

بھرتیوں میں سفارش، دباؤ اور غیر ضروری مداخلت برداشت نہیں کی جائے گی، بابر خان

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا ہے کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات میں لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کا عمل مکمل طور پر میرٹ شفافیت اور مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل کیا جائے گا اس ضمن میں کسی قسم کی سفارش دباؤ یا غیر ضروری مداخلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ بھرتیوں کے پورے عمل کو موثر منظم اور غیر جانبدار بنایا جائے تاکہ کسی امیدوار کو شکایت کا موقع نہ ملے ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ مواصلات و تعمیرات میں لواحقین کوٹہ کے تحت مختلف آسامیوں (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

کیچ کے عوام کا دیرینہ مطالبہ تربت مند روڈ منصوبے کی صورت میں پورا ہو رہا ہے، ظہور بلیدی

تربت مند روڈ کی تکمیل سے جنوبی بلوچستان میں رابطہ کاری اور ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، وزیر منصوبہ بندی

کوئٹہ (خ ن) وزیر منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ کیچ کے عوام کا دیرینہ مطالبہ تربت مند روڈ منصوبے کی صورت میں پورا ہو رہا ہے اور اس اہم منصوبے پر معیاری کام جاری ہے میر ظہور احمد بلیدی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ تربت مند روڈ جنوبی بلوچستان میں رابطہ کاری اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے اہم منصوبہ ہے۔ بلوچستان حکومت صوبے بھر میں معیاری روڈ انفرااسٹرکچر کے ذریعے رابطوں کو بہتر بنانے اور ترقیاتی عمل کو تیز کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

بلوچستان پولیس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے 865 موٹر سائیکلیں فراہم

گنجان اور دشوار گزار علاقوں میں پولیس کی رسائی بہتر بنانے کیلئے موٹر سائیکل گشت کو منظم کیا گیا، پولیس حکام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی سربراہی میں صوبے میں جدید پولیسنگ کے فروغ اور امن و امان کی صورتحال مزید بہتر بنانے کے لیے پولیس کے مختلف اضلاع، اہم یونٹس اور شعبوں کو مجموعی طور پر 865 موٹر سائیکلیں فراہم کر دی گئی ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق موٹر سائیکلوں کی فراہمی کا مقصد بالخصوص گنجان آباد علاقوں، تنگ راستوں اور دشوار گزار مقامات پر پولیس گشت، فوری رسپانس اور فیلڈ کارکردگی کو مزید موثر بنانا ہے۔ اس اقدام سے پولیس اہلکاروں کی بروقت رسائی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

علیمہ خان و دیگر کی گرفتاریوں کے واقعے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، علی احمد کرد

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد سیکرٹری صدر سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن حسیب جمالی، نائب صدر سندھ ممبر پاکستان بار کونسل بیرسٹر صلاح الدین نائب صدر پنجاب ربعیہ باجوہ نائب صدر خیبر پختونخوا ممبر بار کونسل علی زمان نائب صدر بلوچستان غنی خلجی اور راحب خان بلیدی نے ایک بیان میں علیمہ خان اور اس (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی لیاقت علی ہزارہ کو تعریفی سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

کوئٹہ پولیس کارروائی

9 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے اغواء، زنا اور منشیات فروشوں، مفرور سمیت دیگر سنگین جرائم میں ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کر کے چھینی گئی موٹر سائیکل، اسلحہ ایمونیشن اور چرس برآمد کر لی۔ جبکہ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر افغان باشندے کو گرفتار کر لیا اور چیکنگ کے دوران 7 گاڑیوں سے کالے شیشے اور 17 بغیر نمبر پلیٹ کی موٹر (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ سے رکن صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ و دیگر ملاقات کر رہی ہیں

شہری مسائل کے حل کیلئے تمام محکموں کی مشترکہ اور بروقت کارروائیاں ضروری ہیں، مہر اللہ

گرانفروشی، تجاوزات، ٹریفک اور پلاسٹک بیگز کے خلاف مشترکہ کارروائیاں منظم کی جائیں گی، ڈپٹی کمشنر

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میر اللہ بادینی کی زیر صدارت ڈویژنل کوآرڈینیشن اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی، تمام اسسٹنٹ کمشنرز، ٹریفک، محکمہ ایکسائز، فوڈ اتھارٹی بلوچستان، محکمہ ماحولیات، واسا، صفاء کوئٹہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کوئٹہ ڈویژن میں مختلف سرکاری محکموں اور اداروں کے درمیان باہمی رابطہ اور کوآرڈینیشن مزید بہتر بنانے، شہری مسائل کے حل کے لیے مشترکہ اور منظم کارروائیوں کو یقینی بنانے سمیت مختلف امور (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

عوام کو ریلیف کی فراہمی اور حکومتی احکامات پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، ڈپٹی کمشنر خالد خان

جعفر آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی ہدایت پر ضلع بھر کے مختلف مقامی پیٹرول پمپس پر عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کے نام سے ریلیف بینرز آویزاں (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

سیاسی و معاشی بحران مزید گہرا ہو رہا ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

طاقت کے نشے میں دھت قوتوں نے ملک کو ہر حوالے سے تنہا کر کے ریاست کی بنیادیں کھوکھلی کر دی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، اختر جان مری، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطا محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ طاقت کے نشے میں دھت قوتوں نے ملک کو ہر حوالے سے تنہا کر کے ریاست کی بنیادیں کھوکھلی کر دی ہیں، جبکہ جمہوریت کے سوداگروں نے اپنے ذاتی اور سیاسی مفادات کی خاطر آئین کو شخصی اقتدار کے گرداب میں (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، فضل الرحمٰن کبدانی

ترقیاتی منصوبوں کا اصل مقصد عوام کو براہِ راست ریلیف اور دیرپا سہولیات فراہم کرنا ہے

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیر صدارت بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) فیز III کے تحت منظور شدہ ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز اوپن کرنے کا عمل مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق شفاف انداز میں مکمل کر لیا گیا۔ ٹینڈر اوپننگ کے موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران، ٹھیکیداران اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اس موقع پر ونگ کمانڈر 87 ونگ کرنل شاہد بلال، ایکسین روڈز ماجد خان ترین، ایکسین ملک اسد خان ترین، متعلقہ ٹھیکیداران اور دیگر حکام موجود تھے۔ ٹینڈرز کی اوپننگ کے دوران موصول ہونے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

پولیو مہم کی کامیابی کیلئے ہر اہل بچے تک رسائی اور موثر فیلڈ مانیٹرنگ ضروری ہے، خسرو دلاوری

پسنی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو دلاوری کی زیرِ صدارت قومی انسدادِ پولیو مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں پولیو ٹیموں کی فیلڈ کارکردگی، مہم کی پیش رفت اور مقررہ اہداف کے حصول کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں بچوں کی ویکسینیشن کوریج اور فیلڈ سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)



کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری مسجد روڈ پر ٹریفک کے نظام اور تجاوزات کا معائنہ کر رہے ہیں

عوام کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں، محمد خان لہڑی

سیاست کو ذاتی مفادات کے بجائے عوامی خدمت کا ذریعہ سمجھتے ہیں، نصیر آباد کے عوام سے رشتہ سیاست تک محدود نہیں، دل، اعتماد اور خلوص کا رشتہ ہے

تعلیم، صحت، آبنوشی، سڑکیں اور نکاسی آب کی فراہمی ہماری ترجیحات ہیں، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری

نصیر آباد (خ ن) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ نصیر آباد کے عوام کے ساتھ ہمارا رشتہ صرف سیاست تک محدود نہیں بلکہ یہ دل کا رشتہ، بھائی چارے، عزت، اعتماد اور خلوص پر مبنی ہے حلقہ انتخاب کے عوام نے ہمیشہ ہم پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے خدمت کا موقع فراہم کیا ہے جس پر ہم ان کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں ہماری سیاست کا محور ہمیشہ عوام کی خدمت ان کے مسائل کا حل اور علاقے کی ترقی و خوشحالی رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملنے والے مختلف عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ ہم نے ماضی میں بھی بلاامتیاز اور رنگ و نسل برادری و سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر حلقے کے عوام کی بے لوث خدمت کی ہے اور آئندہ بھی اسی جذبے کے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

صوبے میں معیاری تعلیم کے ساتھ فنی اور تکنیکی مہارتوں کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، جعفر خان مندوخیل

پاکستان اور جرمنی کے درمیان مختلف جدید شعبوں میں باہمی تعاون اور تعلقات کو مزید فروغ دینے کے روشن امکانات موجود ہیں، گورنر بلوچستان

تعلیم، صحت اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے مختلف مواقعوں پر جرمن حکومت کی جانب سے فراہم کیے جانے والے تعاون اور امداد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پاکستان میں تعینات جرمن سفیر انیا لیپل (Ina Lepel) نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی جس میں پاکستان اور جرمنی کے درمیان دوطرفہ تعلقات، خطے کی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان اور جرمنی کے درمیان مختلف جدید شعبوں میں باہمی تعاون اور تعلقات کو مزید فروغ دینے کے روشن امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جرمنی نے جدید ٹیکنالوجی، قابل تجدید توانائی، فنی و تکنیکی تعلیم اور دیگر شعبوں میں نمایاں تجربہ اور مہارت حاصل کی ہے جن سے بلوچستان بھی استفادہ کر سکتا ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان میں ہائیر ایجوکیشن کے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی اور گرانفروشی برداشت نہیں کی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بلیدہ ابوبکر میروانی کی زیرِ صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی تربت کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں عوام کو ریلیف کی فراہمی، اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں کمی، سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد اور شہر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پولٹری ایسوسی ایشن کے صدر حاجی کریم، حافظ ولی، سبزی و پھل فروشوں کے نمائندے فضل، الداؤد ہوٹل کے نمائندے، پرائس کنٹرول کمیٹی کے نمائندے نیاز احمد سمیت دیگر متعلقہ نمائندگان نے شرکت کی۔ شرکاء نے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور شہریوں کو درپیش مسائل سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

اساتذہ طلبہ کی اخلاقی و عملی تربیت پر بھی خصوصی توجہ دیں، وریندر لعل

اساتذہ اور دیگر عملے کی بروقت اور باقاعدہ حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع بھر کے تعلیمی اداروں میں تدریسی امور، اساتذہ و دیگر عملے کی حاضری، تعلیمی معیار میں بہتری اور طلبہ کی تربیت سمیت مختلف اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے واضح کیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں اساتذہ اور دیگر عملے کی بروقت اور باقاعدہ حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے کیونکہ اساتذہ کی حاضری براہِ راست بچوں کی تعلیم اور تعلیمی معیار سے وابستہ ہے انہوں نے متعلقہ (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

خضدار، باغبانہ تھانے پر نامعلوم مسلح افراد کا حملہ، ایس ایچ او زخمی

خضدار (آن لائن) باغبانہ تھانے پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں سٹی تھانے کے ایس ایچ او زخمی ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈی آئی جی اور ایس ایس پی خضدار بھاری نفری کے ہمراہ باغبانہ پہنچ گئے۔ پولیس کے مطابق علاقے میں صورتحال کشیدہ ہے، جبکہ مزید نفری تعینات کر کے صورتحال پر قابو پانے کی کوششیں جاری ہیں۔



ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی پولیو مہم کے دوسرے روز مختلف علاقوں میں لاکڈ ہاؤسز کا معائنہ کر رہے ہیں

Locked House

ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی پولیو ویکسین کے وائلز چیک کر رہے ہیں

کمشنر کوہ سلیمان کی زیرِ صدارت کمشنر آفس رکھنی میں ڈویژنل پیش رفت کا جائزہ اجلاس

صفائی، ٹریفک، تجاوزات اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی موثر نگرانی یقینی بنائی جائے، مجیب الرحمٰن قمبرانی

بارکھان/رکھنی (خ ن) کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی کی زیرِ صدارت کمشنر آفس رکھنی میں ڈویژنل پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ، ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ، ڈپٹی کمشنر نارتھ ڈیرہ بگٹی محمد ریاض داوڑ اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں BSDI منصوبوں کی پیش رفت، نئے منتقل شدہ علاقوں کے انتظامی و ریونیو معاملات، نئے قائم شدہ سب ڈویژنز کے دفاتر و سرکاری رہائش، لائن ڈیپارٹمنٹس کی کارکردگی اور شہری سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر نے شہروں میں صفائی (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

عمران خان کی بہنوں کی گرفتاری

قابل مذمت ہے، عمر خان اچکزئی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے سپورٹس اینڈ کلچر کے صدر اور صدارتی ایوارڈ یافتہ برائے حسن کارکردگی عمر خان اچکزئی نے سابق وزیر اعظم عمران خان کے بہنوں کی گرفتاری پر شدید غم غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نام نہاد ٹولہ بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر چادر اور چار دیواری کی تقدس کو پامال کرتے ہوئے عزت دار اور غیر سیاسی خواتین کو وزیر اعظم عمران خان کی بہن علیمہ خان، نورین اور ڈاکٹر عظمیٰ کو گھروں سے بچوں سمیت گرفتار کر کے جیل (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

لورالائی، محکمہ صحت کی خالی آسامیوں پر بھرتیوں کیلئے انٹرویوز جاری

بھرتیاں میرٹ اور شفافیت پر ہوں گی، سفارش یا دباؤ قبول نہیں کیا جائے گا، ولی محمد بڑیچ

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی زیر صدارت لورالائی ڈویژن کے مختلف اضلاع میں محکمہ صحت کی خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز کا عمل جاری ہے۔ انٹرویوز میں ضلع لورالائی، دکی، زیارت اور ہرنائی سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین ڈاکٹرز، اسسٹنٹ پروفیسرز، ڈینٹل ڈاکٹرز، نرسز، گائناکالوجسٹ اور دیگر طبی شعبوں سے وابستہ امیدواروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی انٹرویوز کے دوران امیدواروں کی تعلیمی قابلیت، پیشہ ورانہ تجربہ، متعلقہ شعبے میں مہارت، عملی کارکردگی اور دیگر مقررہ معیار (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

اساتذہ اور طلبہ کی حاضری کو یقینی بنایا جائے، عبدالسلام شاہوانی

کلسٹر بجٹ کے وسائل شفاف انداز میں طلبہ کی تعلیمی ضروریات پر خرچ کیے جائیں

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر تھل چوٹیالی عبدالسلام شاہوانی نے آر ٹی ایس ایم ہیڈ محمد جمیل خان کے ہمراہ تحصیل تھل چوٹیالی کے مختلف سرکاری سکولوں کا دورہ کیا اور تعلیمی و انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے سکولوں میں اساتذہ اور طلبہ کی حاضری، تدریسی سرگرمیوں اور تعلیمی ماحول کا معائنہ کیا، جبکہ مختلف کلاس رومز میں جا کر طلبہ سے سبق سنا اور ان کی تعلیمی استعداد و کارکردگی کا جائزہ لیا اسسٹنٹ کمشنر نے اساتذہ کی تدریسی سرگرمیوں، طلبہ کی پڑھائی، سکولوں میں دستیاب بنیادی سہولیات اور تعلیمی نظم و ضبط کے حوالے سے سکول انتظامیہ سے تفصیلی معلومات حاصل کیں۔ (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، خالد شمس

امن کی بحالی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ڈی سی برشور

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کوآرڈینیشن کمیٹی (DICC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پاک فوج، پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران سمیت حساس اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی، اجلاس کے دوران ضلع میں امن و امان کی موجودہ صورتحال، سرحدی امور اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان انٹیلیجنس معلومات کے تبادلے کو مزید موثر بنانے کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، ڈپٹی کمشنر نے حساس مقامات اور داخلی و خارجی راستوں پر سیکیورٹی سخت (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

بشیر احمد ناصر کا ضلع صحبت پور کے مختلف جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ

صحبت پور (آن لائن) چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات نصیر آباد زون بشیر احمد ناصر نے ضلع صحبت پور کے مختلف جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا اور منصوبوں پر جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ چیف انجینئر نے پہنور و سنہڑی انٹر کالج، کشمور روڈ فیز ون، ڈسٹرکٹ کمپلیکس، سبزی منڈی سمیت دیگر جاری ترقیاتی اسکیموں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایکسین بی اینڈ بلڈنگ ارشاد احمد سیلاچی، ایکسین روڈز صحبت پور عبدالستار بنگلزئی، ایس ای ارسلان رند، ایس ڈی او قیصر خان کھوسہ، ایس ڈی او عبدالوہاب داجلی، (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

ہزار گنجی ٹرک اڈہ مال بردار ٹرانسپورٹ کے لیے اہم مرکز ہے، حاجی نور محمد شاہوانی

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ناجائز تجاوزات کے خلاف شروع کی گئی کارروائی کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر حاجی نور محمد شاہوانی نے کہا ہے کہ حکومتِ بلوچستان کی جانب سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ناجائز تجاوزات کے خلاف شروع کی گئی کارروائی کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں اور اسے خوش آئند اقدام قرار دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں ٹریفک اور بالخصوص ٹرانسپورٹ کی روانی میں سب سے بڑی رکاوٹ ناجائز تجاوزات ہیں، خواہ یہ تجاوزات گلیوں، بازاروں، شاہراہوں یا ٹرک اڈوں میں قائم ہوں۔ حاجی نور محمد شاہوانی نے کہا کہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی کوئٹہ میں گزشتہ گیارہ سال سے ناجائز (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

کسٹمز اسٹیشن پر مسلح افراد کے حملے کے نتیجے میں سپاہی زخمی ہو گیا

کوئٹہ (آن لائن) مند کسٹم اسٹیشن پر نامعلوم ملزمان نے حملہ آور ہو کر آگ لگا دی جس سے سامان جل گیا اور حملے کے دوران ایک اہلکار زخمی ہو گیا جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز مند میں واقع کسٹمز اسٹیشن پر مسلح افراد نے حملہ کر کے ڈیوٹی پر مامور سپاہی محمد سراج کو زخمی کر دیا اور اسٹیشن میں داخل ہو کر دفتر کو آگ لگا دی جس سے سامان جل گیا بتایا جاتا (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

شیرانی میں انسدادِ پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کا جائزہ، ہر بچے تک رسائی یقینی بنانے کی ہدایت

پولیو ٹیموں کی روزانہ مانیٹرنگ، کم کوریج والے علاقوں میں فوری ری وزٹ کیا جائے، ڈپٹی کمشنر کلیم اللہ کاکڑ

شیرانی (خ ن) ضلع شیرانی میں جاری انسدادِ پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایوننگ ریویو میٹنگ (ERM) ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ اجلاس میں پولیو مہم کے پہلے روز کی پیش رفت، فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی، بچوں کی کوریج، ٹیموں کی حاضری اور فیلڈ میں درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ صحت، انسدادِ پولیو پروگرام، عالمی ادارہ؟ صحت (WHO) اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر کو مہم کے دوران مختلف علاقوں میں ٹیموں کی سرگرمیوں، بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کی صورتحال اور کوریج سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کلیم اللہ کاکڑ نے ہدایت کی کہ انسدادِ پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک عمر کے ہر بچے تک رسائی اور اسے پولیو (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

لورالائی میں کوئٹہ روڈ پر غیر قانونی پانی کے کنکشنز کے خلاف کارروائی، متعدد کنکشن منقطع

پانی کی منصفانہ اور بلاتعطل فراہمی کیلئے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی جاری رہے گی، انتظامیہ

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی کی سربراہی میں کوئٹہ روڈ پر پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کی گئی۔ آپریشن میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) کے ایکسین ڈاکٹر گل محمد اور ان کی ٹیم نے بھی حصہ لیا کارروائی کے دوران کوئٹہ روڈ کے مختلف مقامات پر قائم متعدد غیر قانونی پانی کے کنکشنز منقطع کیے گئے، جبکہ سرکاری پانی کی لائنوں سے غیر قانونی طور پر منسلک پائپ لائنوں کو ہٹانے کے لیے مشکل مقامات پر ایکسکیویٹر مشین بھی استعمال کی گئی انتظامیہ اور محکمہ PHE کی ٹیموں نے موقع پر پانی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

زیارت، ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز ایوننگ ریویو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
''روزنامہ عوام''
302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی عہدیداران شریک ہیں